http://dailygawadarbusiness.com.pk

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ ABC Certified کوئٹہ

گوادر بزنس

جلد 22 | بدھ 29 جولائی 2026ء | 14 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 25

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

صدر ٹرمپ کے پاکستانی قیادت کیساتھ بہترین تعلقات ہیں جس کے دوطرفہ تعلقات پر بھی مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں

اقتصادی تعاون پاک امریکہ تعلقات کا مرکزی ستون ہے، شہباز شریف

فریقین کا پاکستان کے دورے کرنے والے کانگریسی وفود اور امریکہ کا دورہ کرنے والے پارلیمانی وفود کی تعداد اور تعدد میں اضافے پر اتفاق

امریکی کمپنیاں مختلف شعبوں میں باہمی طور پر فائدہ مند منصوبوں میں پاکستان میں سرمایہ کاری کریں، وزیراعظم کی دعوت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کے پاکستانی قیادت کے ساتھ بہترین تعلقات ہیں جس کے دو طرفہ تعلقات پر بھی مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ امریکی کانگریس کے ایک وفد جس میں نمائندہ ریان زنکے اور نمائندہ مائیکل بومگارٹنر شامل تھے، نے منگل کی سہ پہر وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، سیکرٹری خارجہ سفیر (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

پاکستان کو فیصلہ کرنا ہو گا قومی مفاد اہم ہے یا ن لیگ کا مفاد، بلاول بھٹو زرداری

الیکشن کا فیصلہ ایسے سیاستدان نہیں عوام کرتے ہیں، مریم نواز

میر پور کے عوام نے پیپلز پارٹی کو اکثریت دلوائی، لگ رہا ہے ریاست کا ہر فیصلہ ن لیگ کو ترجیح دے رہا ہے، (ن) لیگ کے مفاد کے نام پر پاکستان کا کیا حال ہوا، کشمیر کے ساتھ کیا کر رہے ہیں

یہ آزاد کشمیر ہے، انٹرنیٹ بند کرنے سے یہ آزاد کشمیر نہیں مقبوضہ کشمیر لگے گا، اسے کبھی بھی مقبوضہ کشمیر نہیں بننے دیں گے، کشمیر کاز کو بچانے کے لیے پیپلز پارٹی کی مفاہمتی پالیسی تسلیم کرنا پڑیگی، چیئر مین پیپلز پارٹی

گلگت بلتستان میں عوام نے آپ کے حق میں فیصلہ دیا، ہم نے قبول کیا تھا، جی بی میں آپ جیت گئے تو الیکشن ٹھیک تھے، آزاد کشمیر میں آپ ہار گئے تو الیکشن غلط تھا؟، گفتگو وزیراعلیٰ پنجاب

مظفر آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے الیکشن میں میر پور اور کوٹلی کے ووٹ پر ڈاکہ مارا گیا، ریاست کو فیصلہ کرنا ہے کہ ہمارے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر) اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کی قطری ہم منصب سے ملاقات، سکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق

قطر کے ساتھ سکیورٹی و مشترکہ مفادات کے شعبوں میں اشتراک کو مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں، محسن نقوی

دوحہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطری ہم منصب (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

اسرائیل اور لبنان کے درمیان مذاکرات کا آئندہ دور 4 سے 6 اگست تک روم میں ہوگا، امریکا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیل اور لبنان (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

پاور سیکٹر کا گردشی قرض 1740 ارب روپے تک پہنچ گیا

آئی ایم ایف کے ساتھ طے شدہ ہدف کے مطابق اسے 1600 ارب روپے تک محدود رکھنا تھا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) جون 2026 تک پاور سیکٹر کا گردشی قرض بڑھ کر (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆ اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆

آزاد کشمیر احتجاج کے پیچھے بھارتی سپانسرڈ لوگ ہیں، خواجہ آصف

، کوئی بھی محبّ وطن پاکستانی ایسے الفاظ استعمال نہیں کر سکتا، چاہے وہ کشمیری ہو، پنجابی، بلوچی یا پٹھان

جس طرح کے الفاظ استعمال کیے جا رہے ہیں، کوئی بھی محبّ وطن پاکستانی ایسے الفاظ استعمال نہیں کر سکتا، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے آزاد کشمیر میں جاری احتجاج کے حوالے سے ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ احتجاج کے پیچھے موجود لوگوں کے خلاف (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

شہباز شریف کی آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے پہلے مرحلے کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد

عوام اگلے مرحلے میں بھی اسی جوش و خروش سے حصہ لے کر جمہوری عمل کو کامیاب بنائیں

نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) کی ٹیم نے آزاد کشمیر میں انتہائی کامیاب انتخابی مہم چلائی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے پہلے مرحلے کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ قائد (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف مون سون سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اقدامات کر رہی ہے، میر سرفراز بگٹی

ڈاکٹرز ن معاشرے کا انتہائی قابل احترام طبقہ ہیں اور انسانی جانوں کے تحفظ کی عظیم ذمہ داری نبھا رہے ہیں

تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے پائیدار اور مؤثر اصلاحات متعارف کرائی جا رہی ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کو یہاں ڈاکٹرز تنظیموں کے ایک نمائندہ وفد نے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور انہیں صوبے میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل، ڈاکٹرز کو درپیش پیشہ ورانہ امور اور طبی سہولیات کی بہتری سے متعلق مختلف (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

بجلی 1 روپے 20 پیسے یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست پر سماعت (آج) ہو گی

لاہور (این این آئی) بجلی 1 روپے 20 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست پر نیپرا میں سماعت آج (بدھ) کے روز ہو گی۔ سنٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی جانب سے جون کی ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی درخواست (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

امریکا نے ترکیہ کو ایف 35 طیاروں کی فروخت پر اسرائیل کے اعتراضات مسترد کر دیئے

میرے خیال میں ترک صدر رجب طیب اردوان نے شام کے معاملے میں اچھا کردار ادا کیا، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ترکیہ کو ایف 35- طیاروں کی فروخت پر اسرائیل کے اعتراضات مسترد کر دیئے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیلی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے امریکی کانگریس کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے امریکی کانگریس کے ایک وفد نے منگل کو یہاں ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق امریکی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

عمان کی ایران کو آبنائے ہرمز کے انتظام کیلئے مشترکہ علاقائی طریقہ کار کی تجویز

عمانی تجویز کے تحت ایران آبنائے ہرمز پر مکمل طور پر کنٹرول حاصل نہیں کرے گا، خلیجی ذرائع

مسقط (این این آئی) ریاستِ عمان نے ایران کو آبنائے ہرمز کے انتظام کے لیے مشترکہ علاقائی طریقہ کار کی تجویز دے دی۔ عمان کی پیش کردہ تجویز میں رضا کارانہ فیس (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ڈاکٹرز تنظیموں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

مذاکرات میں امریکی تجاویز مسترد کر دیں، ایران کو خریدا نہیں جا سکتا، شکست دینگے ٹرمپ، ایران

فوجی حملوں کے بجائے پابندیاں ایران کو جھکا سکتی ہیں، امریکی پابندیوں اور بحری ناکہ بندی نے ملک پر مالی دباؤ مزید بڑھا دیا، امریکی حکام

آبنائے ہرمز میں جہازوں کو پہنچنے والے نقصان کا ازالہ منجمد ایرانی اثاثوں سے کیا جائے گا (ٹرمپ) کسی بھی خطرے کا بھرپور جواب دیا جائے گا، ایرانی فوج

تہران/واشنگٹن (این این آئی) ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ تہران نے ثالثوں کے ذریعے کیے جانے والے مذاکرات میں امریکی تجاویز مسترد کر دی ہیں۔ اپنے بیان میں کاظم غریب آبادی نے بتایا کہ ایران نے یہ اقدام امریکا کے بے جا مطالبات کے سبب کیا ہے۔ ایران کے نائب وزیر خارجہ نے انکشاف کیا کہ بات چیت اسلام آباد میں شروع (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

مظفر آباد، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

مون سون بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حکومت کا دل عمل موثر رہا، عطا تارڑ

حکومت کے تمام اداروں کی مربوط حکمت عملی کے موثر نفاذ اور بروقت پیشگی انتباہ کے نظام کو مضبوط بنانے کے لئے یہ ایک اہم اثاثہ ثابت ہوا ہے

نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر حکومت کے تمام اداروں کی مربوط حکمت عملی، پیشگی انتباہ اور بروقت فیصلوں کے لئے اہم قومی اثاثہ ثابت ہوا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ رواں سال مون سون بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حکومت کا ردعمل موثر رہا، این ڈی ایم اے کے بروقت اقدامات، جدید ٹیکنالوجی اور ارلی وارننگ سسٹم کے باعث جانی و مالی نقصان میں نمایاں کمی آئی، نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر حکومت کے تمام اداروں کی مربوط حکمت عملی، پیشگی انتباہ اور بروقت فیصلوں کے لئے اہم قومی (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

غزہ کے الصرہ محلے میں اسرائیلی فضائی حملوں سے تباہ ہونے والے گھر سے 99 شہدا کی باقیات برآمد

غزہ (این این آئی) غزہ کے الصرہ محلے میں اسرائیلی فضائی حملوں کے نتیجہ میں تباہ ہونے والے گھر سے 99 شہدا کی باقیات نکال لی گئی ہیں۔ اسرائیل کے جنگی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

سمجھتا ہوں بانی پی ٹی آئی سے ملاقات بہتری کی کنجی ہے، بیرسٹر گوہر

جو کچھ نورین نیازی نے کہا ان کا ذاتی بیان ہے اور ان کی وضاحت بھی کی

کشمیر پاکستان کا شہ رگ ہے، یہ لاہور اور کشمور نہیں بنے گا، چیئرمین پی ٹی آئی

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ میں سمجھتا ہوں بانی پی ٹی آئی سے ملاقات بہتری کی کنجی ہے۔ اڈیالہ جیل کے قریب میڈیا سے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

29، 30 اور 31 اگست کو کوئٹہ میں جرگہ طلب کیا جائیگا

پشتون علاقوں کو تقسیم کرنے کی کوشش قبول نہیں کرینگے، محمود خان اچکزئی

بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک ہو چکی ہے، پشتون علاقوں کو تقسیم کرنے کی کسی بھی کوشش کو قبول نہیں کریں گے

بلوچستان میں اضلاع کی تقسیم کے معاملے پر جرگہ بلایا جائے گا جہاں عوام کے سامنے تمام معاملات رکھے جائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک ہو چکی ہے، پشتون علاقوں کو تقسیم کرنے کی کسی بھی کوشش کو قبول نہیں کریں گے، جبکہ 29، 30 اور 31 اگست کو کوئٹہ میں جرگہ طلب کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اندرونی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

عباس عراقچی کا عمانی، سعودی ہم منصب سے رابطہ، آبنائے ہرمز سمیت خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

تہران (یو این اے) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عمان اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ سے الگ الگ ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق دوران گفتگو (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

چھوٹے دکانداروں کیلئے خصوصی ٹیکس طریقہ کار متعارف، نوٹیفکیشن جاری

ریٹرن کے ساتھ کم از کم 25 ہزار روپے نقد ٹیکس ادا کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے، نوٹیفکیشن جاری

سالانہ 20 کروڑ تک کاروبار کرنے والے انفرادی دکاندار سکیم سے فائدہ اٹھا سکیں گے

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے چھوٹے دکانداروں کیلئے خصوصی ٹیکس طریق کار کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جس کے مطابق سالانہ 20 کروڑ روپے تک (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

کراچی، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کو دورہ آئی ہسپتال کے موقع پر سہولیات سے آگاہ کیا جا رہا ہے

عمران خان رہائی فورس کیس، آئینی عدالت کا فریقین کو جواب جمع کرانے کیلئے مہلت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی مبینہ رہائی فورس سے متعلق دائر آئینی درخواست (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر عارف علوی اور اہلخانہ کے بینک اکاؤنٹس بلاک کرنے کا کیس، تفتیشی افسر کو طلب کر لیا گیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں سابق صدر ڈاکٹر عارف علوی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر انتخابات کا پہلا مرحلہ، تمام حلقوں کے نتائج مکمل، ن لیگ کو برتری حاصل

میر پور، کوٹلی اور بھمبر میں قائم 13 حلقوں پر پیر کو ووٹنگ ہوئی، 5 بجے ووٹنگ کا وقت ختم ہونے کے بعد ووٹنگ کیلئے ایک گھنٹہ اضافی دیا

پاکستان پیپلز پارٹی کا دوسرا نمبر ہے، 9 حلقوں پر مسلم لیگ ن اور 4 حلقوں پر پیپلز پارٹی کامیاب ہوئی، غیر حتمی و غیر سرکاری نتائج کا اعلان

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے پہلے مرحلے میں مسلم لیگ (ن) نے اب تک کے غیر حتمی و غیر سرکاری نتائج میں برتری حاصل کر لی ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کا دوسرا نمبر ہے۔ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے میر پور، کوٹلی اور بھمبر میں قائم 13 حلقوں پر پیر کو ووٹنگ ہوئی، 5 بجے ووٹنگ کا وقت ختم ہونے کے بعد ووٹنگ کیلئے ایک گھنٹہ (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

رانا ثناء اللہ نے آزاد کشمیر انتخابات کا پہلا مرحلہ فری اینڈ فیئر قرار دیدیا

مسلم لیگ ن کی قیادت نے جو وعدے کیے عوام نے ان پر اعتماد کیا، مشیر برائے سیاسی امور

میر پور ڈویژن کی نشستوں میں ن لیگ کو واضح کامیابی حاصل ہوئی، امیر مقام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے آزاد کشمیر انتخابات کے پہلے مرحلے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے الیکشن کو فری اینڈ فیئر قرار دیا ہے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

پاکستان، بھارت کے درمیان اسائنٹمنٹ ویزوں کا اجراء، ذرائع

اسلام آباد /لاہور (این این آئی) پاکستان اور بھارت نے سفارتی عملے کے لیے اسائنٹمنٹ ویزوں کا اجراء شروع کر دیا ہے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

کالعدم ایکشن کمیٹی کی تحریک حقوق دلانے کی نہیں بلکہ حقوق چھینے کی تحریک ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

جاپان کے جنوب مغربی علاقے میں زلزلے کے بعد ایک مال کے تباہی کے مناظر

بارکھان، مسلح افراد کی فائرنگ، ڈی ایس پی رکھنی مرید بگٹی شہید

پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری ملزمان کی گرفتاری کیلئے موقع پر پہنچ گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع بارکھان کے علاقے کھٹہ چوکی کے مقام پر مسلح افراد کی پولیس کی گاڑی پر فائرنگ سے ڈی ایس پی رکھنی مرید بگٹی شہید ہو گئے، ملزمان (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

ایران، افغانستان کے سفیروں کی حافظ نعیم الرحمٰن سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن سے ایران کے سفیر رضا امیری مقدم اور افغانستان (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کے ہمراہ حیدر آباد ہائیکورٹ بار کے وفد کا گروپ

جیل میں عالیہ حمزہ پر قاتلانہ حملے کی اطلاع ملی ہے، سلمان اکرم راجہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ کوٹ لکھپت جیل میں قید پارٹی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں مزید مون سون بارشوں کی پیش گوئی، الرٹ جاری

شمال مشرقی اضلاع کے ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ، کسانوں اور مسافروں کو احتیاط کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات نے بلوچستان میں 29 جولائی سے 5 اگست تک مزید مون سون بارشوں کی پیش گوئی کرتے ہوئے مختلف اضلاع میں تیز ہواؤں، گرج (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

اسحٰق ڈار کی امریکی کاروباری اداروں کو پاکستان میں بہتر سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھانے کی دعوت

دونوں ممالک بہتر اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے ذریعے آئندہ پانچ برسوں میں باہمی تجارت کو بڑھا کر 20 ارب ڈالر تک لے جا سکتے ہیں

پاکستان میں جاری اصلاحات اور امریکا کی مسابقتی ٹیرف پالیسی نے بھی ملک کو سرمایہ کاری کے لئے مزید پرکشش بنا دیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے امریکی کاروباری اداروں کو پاکستان میں بہتر سرمایہ کاری کی فضا سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک بہتر اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے ذریعے آئندہ پانچ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

جدید لاجسٹکس نظام برآمدات میں اضافے اور معاشی ترقی کی ضمانت ہے، احسن اقبال

پاکستان کے لیے لاجسٹکس کے نظام میں بہتری کسی ایک شعبے کی اصلاح نہیں بلکہ ایک قومی معاشی ضرورت ہے

تربیت حاصل کرنے والوں کو غیر ملکی زبانوں کی تعلیم بھی دی جائے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات اور چیئرمین قومی لاجسٹکس بورڈ احسن اقبال نے کہا ہے کہ جدید اور مؤثر لاجسٹکس نظام ہی برآمدات میں اضافے اور معاشی ترقی کی ضمانت ہے، تربیت حاصل کرنے والوں کو غیر ملکی زبانوں (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر الیکشن میں بدترین دھاندلی کی گئی، شرجیل میمن

آپ فارم 47 کی بنیاد پر حکومت پر قابض ہیں، چیلنج ہے پنجاب میں دوبارہ الیکشن لڑ کر دکھا دیں

ن لیگ کی حکومت خیراتی مینڈیٹ پر بیٹھی ہوئی، ن لیگ فارم 47 کی پیداوار ہے

اسلام آباد (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت جعلی مینڈیٹ کے ذریعے حکومت میں بیٹھی ہے، آپ فارم 47 کی بنیاد پر (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

2021ء کے واجبات کی ادائیگی کا عمل جلد مکمل کر دیا جائے گا، کاشف گلزار شیخ

واجبات کی عدم ادائیگی کے باعث سندھ کے اخبارات شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں، اے پی این ایس

کراچی (پ ر) سیکرٹری اطلاعات سندھ کاشف گلزار شیخ نے اے پی این ایس کی سندھ کمیٹی کو یقین دہانی کرائی ہے کہ اخبارات کے 2021ء کے واجبات کی ادائیگی کا عمل جلد از جلد مکمل کر دیا جائے گا انہوں نے صوبائی اشتہارات کی منصفانہ تقسیم کی یقین دہانی کراتے ہوئے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

دہشتگرد عناصر کا ہر قیمت پر خاتمہ کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ

دہشتگردوں کی فائرنگ سے ڈی ایس پی مرید بگٹی کی شہادت افسوسناک ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ رکھنی میں دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا سرچ آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے، دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے کی جا رہی ہیں اور (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کے آغاز پر مثبت رجحان

کراچی (یو این اے) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کے آغاز پر مثبت رجحان ریکارڈ کیا گیا ہے۔ کاروباری ہفتے کے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

چاغی، مسلح افراد کی فائرنگ، 5 ٹرالر اور 2 بوزر گاڑیاں نذرِ آتش

واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے

چاغی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے پدگ میں نامعلوم مسلح افراد نے ہوٹل کے سامنے کھڑی ٹرالر اور بوزر گاڑیوں پر فائرنگ کے بعد انہیں آگ لگا دی۔ (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتیں مزید کم ہو گئیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی میں عارضی وقفے کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے آذربائیجان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

ایران پر حالیہ امریکی حملوں میں 60 افراد شہید اور 670 زخمی ہوئے، ایرانی وزیر صحت

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر صحت محمد رضا ظفر قندی نے کہا ہے کہ ملک کے جنوبی علاقوں پر امریکا کے حالیہ حملوں میں 60 (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ سندھ کی زیر صدارت پاکستان-برطانیہ بزنس راؤنڈ ٹیبل اجلاس

برطانوی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ ہاؤس میں پاکستان-برطانیہ بزنس راؤنڈ ٹیبل اجلاس منعقد ہوا، جس میں برطانوی سرمایہ کاروں، ملٹی نیشنل کمپنیوں، او آئی سی سی آئی کے نمائندوں اور اعلیٰ حکومتی حکام نے شرکت (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت اور مصنوعی ذہانت کے فروغ میں اہم پیش رفت

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل معیشت میں عالمی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

غزہ، اسرائیلی قید سے رہائی پانے والے فلسطینیوں کا اہل خانہ استقبال کر رہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
روزنامہ
ABC Certified
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

طلبہ جیت گئے، مودی ہار گیا!

بھارتی جین زی کی تحریک "کا کروچ جنتا پارٹی" کا احتجاج کامیاب ہو گیا۔ بھارتی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان نے استعفیٰ دے دیا۔ انہوں نے اپنا استعفیٰ وزیرِاعظم نریندر مودی کو بھجوا دیا، جسے منظور بھی کر لیا گیا ہے۔ ترجمان کا کروچ جنتا پارٹی نے کہا ہے کہ ہمارے تمام مطالبات باضابطہ تحریری طور پر تسلیم کر لیے گئے ہیں، لہٰذا ہم اپنا احتجاج ختم کر کے گھروں کو واپس جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کا موقف تھا کہ اس حکومت میں استعفے نہیں ہوتے، تاہم دھرمیندر پردھان کے استعفے نے ثابت کر دیا کہ ہم نے کر دکھایا۔ بھارت میں امتحانی بے ضابطگیوں کے خلاف سرگرم کا کروچ جنتا پارٹی کے مطابق حکومت نے نیٹ (NEET) امتحان کے پرچہ لیک سکینڈل سے متعلق خودکشی کرنے والے طلبہ کے خاندانوں کو زیادہ سے زیادہ ممکنہ معاوضہ دینے پر بھی اتفاق کیا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ حکومت جتنی بھی مضبوط اور طاقتور ہو، عوامی سیلاب کے سامنے زیادہ دیر تک ٹھہر نہیں سکتی۔ مودی حکومت کو بھی اپنی طاقت اور آمرانہ ہتھکنڈوں پر یہی زعم تھا، مگر بالآخر اصولوں پر مبنی احتجاج کے سامنے اسے گھٹنے ٹیکنے پڑے۔ یہ صرف ایک ملک یا ایک حکومت کی بات نہیں، بلکہ جہاں کہیں بھی جبر حد سے بڑھ جاتا ہے، وہاں عوام اپنے حقوق کے لیے گھروں سے نکل آتے ہیں، اور پھر انہیں طاقت کے ذریعے زیادہ دیر تک قابو میں رکھنا ممکن نہیں رہتا۔ اگر نیپال، بھارت اور بنگلہ دیش کی طرح یہاں بھی ایسی ہی صورتِ حال پیدا ہو گئی تو اپنے مسائل پر مضطرب ہوئے عوام یہاں بھی سڑکوں پر نکل سکتے ہیں۔ حکومت کو اس کا ادراک ہونا چاہیے کہ مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر معاشی مسائل کی جو صورتِ حال پیدا کی جا رہی ہے، اس بنگلہ دیش اور بھارت جیسا عوامی ردعمل سامنے آ سکتا ہے۔ خصوصاً پٹرول کی قیمتوں کے ساتھ تقریباً ہر چیز وابستہ ہے۔ اگر پٹرولیم نرخ روزانہ بڑھانے کا سلسلہ جاری رہا تو اس پر سخت عوامی ردعمل فطری امر ہوگا۔ جب ملک کے وسائل کا بڑا حصہ مراعات یافتہ اشرافیہ طبقات پر خرچ کیا جائے اور سیاسی اشرافیہ عیش و عشرت میں مصروف ہو تو اس کے نتائج بھارت اور بنگلہ دیش جیسی جین زی تحریکوں والے ہی سامنے آتے ہیں۔ ہمارے حکمرانوں کی بہرصورت اس کا ادراک ہونا چاہیے۔

باب المندب کی بندش زیادہ خطرناک

حوثی ملیشیا کی طرف سے بحراحمر کو، بحر ہند سے ملانے والی تنگ آبی گزرگاہ "باب المندب" کو جہازوں کی آمدورفت کیلئے بند کرنے کے اعلان سے ایران اور امریکہ کے مابین جاری جنگ نے ایک نیا اور پہلے سے کہیں زیادہ خطرناک رخ اختیار کر لیا ہے۔ آبنائے ہرمز کی بندش سے دنیا کی تیل اور گیس کی (20 سے 25 فیصد) ضروریات متاثر ہو رہی ہیں، جبکہ آبنائے باب المندب کو بلاک کرنے سے نہ صرف دنیا کی 12 فیصد تجارت، جس میں سات فیصد خام تیل بھی شامل ہے، متاثر ہوگی بلکہ اس اقدام سے یورپ کا جنوبی و جنوب مشرقی ایشیا اور مشرق بعید کے ساتھ براہ راست اور سب سے کم فاصلے والا راستہ بھی بند ہو جائے گا۔ یہ راستہ نومبر 1869ء میں بحیرہ عرب اور بحیرہ احمر کو ملانے والی نہر سویز کے کھلنے سے قائم ہوا تھا۔ اس سے قبل یورپی بندرگاہوں سے روانہ ہونے والے جہازوں کو پورے براعظم افریقہ کا چکر لگا کر راسِ امید کے راستے بحر ہند اور جنوب مشرقی ایشیا کے ممالک تک آنا پڑتا تھا۔ نہر سویز کی تعمیر اور اس کے جہاز رانی کیلئے کھلنے سے ایشیا اور یورپ کے درمیان چلنے والے جہازوں کو 7000 سے 9000 کلومیٹر کے فاصلے اور 10 سے 15 دنوں کی بچت ہونے لگی تھی۔ اس لیے آبنائے باب المندب کی حفاظت کیلئے اس وقت خطے کی سب سے طاقتور نوآبادیاتی طاقت، برطانیہ نے عدن کے مقام پر ایک وسیع فوجی اڈا قائم کر رکھا تھا۔ یمن کی آزادی سے برطانیہ کو عدن میں اپنا فوجی اڈا ختم کرنا پڑا تھا۔ اس کے بدلے برطانیہ نے بحر ہند کے تقریباً وسط میں واقع مجمع الجزائر ڈیاگو گارشیا کو ماریشس سے لیز پر لیا مگر یہاں اپنا فوجی اڈا تعمیر کرنے کے بجائے اسے امریکہ کے حوالے کر دیا۔ امریکہ نے یہاں ایک وسیع بحری اور فضائی اڈہ تعمیر کر رکھا ہے۔ ایران پر بمباری کرنے والے اکثر لڑاکا طیارے یہیں سے پرواز کرتے ہیں۔ یمن کے حوثیوں کی جانب سے اس اہم آبی راستے کو بند کرنے سے سب سے زیادہ سعودی عرب متاثر ہونے کا خدشہ ہے، کیونکہ آبنائے ہرمز کے بند ہونے کے بعد سے سعودی عرب کے خام تیل کی 70 فیصد برآمدات بحراحمر کے ساحل پر واقع اس کی بندرگاہوں سے آبنائے باب المندب کے راستے جنوبی اور جنوب مشرقی ایشیا کو بھیجی جا رہی تھیں۔ اس کی بندش سے پاکستان کے علاوہ چین، جاپان، جنوبی کوریا اور بھارت بھی توانائی کے بحران کا شکار ہو سکتے ہیں۔ آبنائے ہرمز کی بندش سے یہ ممالک پہلے ہی تیل کے بحران سے

ڈاکٹر رشید احمد خان

دوچار ہیں۔ اب آبنائے باب المندب کے بند ہونے سے جس صورتحال کے پیدا ہونے کا خدشہ ہے اس کی وجہ سے ایران، امریکہ جنگ کا ایک نیا محاذ کھل جائے گا۔

پاکستان، جس نے سعودی عرب کے ساتھ باہمی دفاع کے معاہدے پر دستخط کر رکھے ہیں، نے حوثی ملیشیا کو خبردار کیا ہے کہ آبنائے باب المندب کی ناکہ بندی (جو دراصل سعودی عرب کی ناکہ بندی ہے) کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پاکستانی دفتر خارجہ نے یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ اگر ان جہازوں کو جن پر پاکستانی پرچم لہرا رہا ہو، اگر حوثیوں کی طرف سے نشانہ بنایا گیا تو پاکستان اپنے دفاع میں طاقت کے استعمال سمیت تمام ضروری اقدام کرنے میں حق بجانب ہوگا۔ اب تک کی اطلاعات کے مطابق جمعرات کو حوثی قبائل نے سعودی عرب کے دو آئل ٹینکروں کو بحیرہ احمر میں، سعودی عرب کے ساحل الشقیق سے 70 ناٹیکل میل دور حملوں کا نشانہ بنایا۔

آبنائے ہرمز کے بند ہونے کے بعد پاکستان بھی تیل اور گیس کی درآمدات باب المندب کے راستے حاصل کر رہا ہے۔ اب پاکستان کی اکثر تیل درآمدات بحیرہ احمر پہ واقع سعودی بندرگاہ ینبع سے آ رہی ہیں۔ حوثیوں نے اعلان کر رکھا ہے کہ سعودی عرب کا رخ کرنے والے تمام جہازوں کو نشانہ بنایا جائے گا۔ اگر یمن کے باغی حوثیوں نے پاکستانی جہازوں کو نشانہ بنایا تو اسلام آباد کی طرف سے جوابی ردعمل ناگزیر ہو جائے گا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ نہ صرف پاکستان نے حوثیوں کی جانب سے سعودی جہازوں پر حملوں کی مذمت کی ہے بلکہ سعودی عرب کو دی جانے والی دھمکیوں کی بھی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ اگر سعودی عرب اور حوثیوں کے مابین کشیدگی تصادم کی شکل اختیار کرتی ہے تو پاکستان کیلئے اس معاملے سے الگ تھلگ رہنا ناممکن ہو جائے گا۔ اس سے ایران، امریکہ جنگ کا دائرہ مزید وسیع ہونے کا خدشہ پیدا ہو جائے گا۔

امریکی سینٹرل کمانڈ 8 جولائی سے ایران میں نہ صرف فوجی بلکہ شہری تنصیبات اور انفراسٹرکچر کو بھی اپنے حملوں کا نشانہ بنا رہی ہے۔ ان حملوں میں لڑاکا و بمبار طیاروں اور بحری جہازوں کے علاوہ میزائل اور ڈرون بھی استعمال کیے جا رہے ہیں۔ پہلے یہ حملے ایران کے جنوبی حصے اور آبنائے ہرمز کے ساتھ ایرانی ساحل پر واقع شہروں اور تنصیبات پر کیے جا رہے تھے مگر اب ان کا دائرہ وسیع کیا جا رہا ہے۔ صدر ٹرمپ نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایران کی طرف سے آبنائے ہرمز سے گزرنے کی کوشش کرنے والے جہازوں پر حملہ ہوا تو امریکہ ہر حملے کے بدلے ایران کے پلوں اور بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کو نشانہ بنائے گا۔ اس تناظر میں آنے والے دنوں میں جنگ کی شدت میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔

آبنائے باب المندب کا اگرچہ آبنائے ہرمز سے موازنہ نہیں کیا جا سکتا۔ آبنائے ہرمز کے راستے خلیج فارس اور مشرق وسطیٰ سے دنیا کے تیل کی کُل ضروریات کا 20 سے 25 فیصد گزرتا ہے اور اس کے بند ہونے سے تیل کی درآمد پر انحصار کرنے والے ممالک توانائی کے سخت بحران میں مبتلا ہیں۔ اس کے مقابلے میں باب المندب سے گزشتہ ماہ ہر روز تقریباً 62 لاکھ بیرل تیل بیرونی دنیا کو روانہ کیا گیا۔ اگر آبنائے ہرمز کے بعد آبنائے باب المندب سے گزرنے والا تیل بھی عالمی مارکیٹ میں نہ پہنچ سکا تو درآمدی تیل پر انحصار کرنے والے ممالک کی معیشتیں انتہائی سخت صورتحال سے دوچار ہو جائیں گی۔ اس کے علاوہ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات نے آبنائے ہرمز کو بائی پاس کرنے کیلئے جو دو آئل پائپ لائنیں تعمیر کر رکھی ہیں وہ عملاً بیکار ہو جائیں گی، کیونکہ بحراحمر سے تیل باب المندب کے راستے برآمد کرنے میں رکاوٹ ہوگی۔

وہ چڑیاں کہاں گئیں!

اب نہ وہ گھر رہے اور نہ مکین، صرف خوشبودار یادیں بچی ہیں جن کے سہارے ہم زندہ ہیں۔ آج کل کے زمانے میں چھوٹے قصبوں سے لے کر بڑے شہروں تک جہاں ہم نے اپنی زندگیاں کھپا دی ہیں، وہ فطری ماحول دکھائی نہیں دیتا جہاں ہم نے بچپن اور جوانی کا ایک حصہ گزارا تھا۔ آج صبح کی سیر کے ایک دوست، جن سے روزانہ ملاقات ہوتی ہے، نے شکایت کی کہ چڑیاں نجانے کہاں غائب ہو گئی ہیں اب کہیں نظر نہیں آتیں۔ نجانے انہیں طلوع آفتاب کے وقت چڑیوں کی یاد کیوں آ گئی؟ لیکن مجھے اندازہ ہے کہ ہماری عمر کے لوگوں میں لاشعوری طور پر اُس زمانے کی یادیں عود آتی ہیں جب ہر گھر میں چڑیوں نے گھونسلے بنائے ہوتے تھے۔ ہمارے گھروں کی چھتیں اور اندرونی دیواریں پکی نہیں ہوتی تھیں۔ گھروں کے اندر، برآمدوں اور درختوں میں صبح شام اور پورا دن چڑیوں کی چہچہاہٹ سنائی دیتی تھی۔ ہماری بڑی امیاں ان کی لڑائیوں سے اکثر تنگ آ جاتیں تو ڈنڈا اٹھا کر ان کے پیچھے پڑ جاتیں۔ کچھ دیر خاموشی ہو جاتی، مگر دس پندرہ منٹ بعد پھر ان کا شور و غل، جس سے ہم مانوس تھے، ماحول میں پھیل جاتا۔ دوست کو مشورہ دیا کہ چڑیوں کو واپس لانا اب کوئی مشکل کام نہیں۔ اپنے فلیٹ کی بالکونی میں ایک برتن میں باجرہ اور دوسرے میں پانی رکھو، چند دنوں میں چڑیاں، فاختائیں اور بلبلیں آپ کو میزبانی کا شرف بخشیں گی۔ آپ اکیلے رہتے ہیں، یہ پرندے نہ صرف آپ کے گھر کی رونق دوبالا کریں گے بلکہ ایک طرح کی رفاقت کا سامان بھی کر دیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پرندوں، تتلیوں، شہد کی مکھیوں اور دیگر جنہیں ہم بھڑیں کہتے ہیں، سے بہتر کوئی دوست نہیں۔ چند دن پہلے ایک درخت کی رکھوالی کرتے وقت میرے ہاتھ پر ایسا ڈنک لگا کہ ابھی تک سوجن نہیں گئی۔ خیر محبت میں بہت کچھ برداشت کرنا پڑتا ہے۔ میرے دوست کا جواب وہی تھا جو آج کل آپ ہر گھر میں سنتے ہیں۔ بالکل نہیں! پرندے اتنا گند ڈالیں گے کہ صفائی مشکل ہو جائے گی۔ لاکھ سمجھایا کہ یہ سب بالکونی میں ہوگا، اور ہر ہفتے جھاڑو لگا دینا۔ ہمارا یہ قیمتی مشورہ انہوں نے دیگر ایسے مشوروں کی طرح ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا۔

سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ صاحب سے پرانی یاد اللہ ہے۔ ایک ہی جامعہ میں پڑھایا کرتے تھے۔ انہوں نے اپنے دفتر کی کھڑکی کے باہر مٹی کی دو پلیٹیں رکھی ہوتی تھیں، ایک میں دانہ، دوسرے میں پانی۔ روزانہ وہ پرندوں کا دانہ پانی تبدیل کرتے۔ میں تو وہاں یہ نہ کر سکا مگر بات دل کو لگی کہ کبھی میں خود بھی پرندوں کیلئے ایسا انتظام کروں گا۔ اپنے جنگل میں پرندوں کیلئے سب کچھ ہے۔ کئی دہائیوں سے جہاں ان کی نسلیں پلی ہیں اور ان سے ہماری دور دور کی دوستی آج تک قائم ہے۔ دور کہیں ہلکی پھلکی کرسی ڈال کر بیٹھ جاتے ہیں اور ہر نوع کا پرندہ

رسول بخش رئیس

کبھی اڑ کر ایک درخت سے دوسرے پر، کبھی لان میں تو کبھی آواز کا جادو جگا کر ہماری درویشانہ محفل میں حاضری کا اعلان کرتا ہے۔ مجھے خود اپنی حاضری کو غیر محسوس رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ کوئی بھی جنگل ہو اور جہاں بھی ہو، اصل اور حقیقی ملکیت پرندوں کی ہوتی ہے۔ وہ ہماری موجودگی کو ہرگز پسند نہیں کرتے۔ ان سے جتنے ہم دور رہیں اور ان کی روزمرہ کی زندگی اور فطری ماحول میں مداخلت نہ کریں تو وہ اتنے ہی خوش رہتے ہیں۔ اپنے اسلام آباد والے گھر میں بھی ہم نے چڑیوں کیلئے لکڑی کا تختہ کاٹ کر چھوٹا سا گھونسلا اپنے بیڈروم کی کھڑکی کے ساتھ فکس کر دیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے چڑیوں نے وہاں ٹھکانہ بنا لیا اور سالہا سال بچے دیے۔ بچوں کی چوں چوں ہمیں مسحور کرتی، اور پھر مامتا کی پھرتیاں، انہیں کچھ کھلا کر خاموش رکھنے کی جستجو میں ہمارے لیے زندگی کا سبق چھوڑ جاتیں۔ پھر ایک دور آیا کہ وہ سب غائب ہو گئیں اور ہم دو دہائیوں کیلئے لاہور کے تواتر سے مسافر ہوئے، اور پھر وہیں کے ہو لیے۔

ایک دن اچانک سامنے کے گھروں میں سے ایک کی دیوار پر چڑیوں کے جھنڈ لہراتے، چہچہاتے دیکھے۔ ذرا غور کیا تو وہاں پر ساتھ پہرہ دیتے چوکیدار نے ان کے دانہ پانی کا انتظام کیا ہوا تھا۔ ایک دوسرے گھر کے سامنے بھی کسی نے ایسا ہی بندوبست کر رکھا تھا۔ یقین جانیں میں اس چوکیدار کی پرندہ نوازی سے اتنا متاثر ہوا کہ اب روزانہ سویرے سیر پر نکلنے سے پہلے دیوار پر رکھی پلیٹ میں باجرہ ڈالتا ہوں۔ سارا دن شام تک ہر نوع کے پرندے آ کر اپنا حصہ وصول کرتے رہتے ہیں۔

ہمارا پرانا کٹا ہوا رشتہ، خصوصاً چڑیوں اور بلبلوں سے بحال ہو چکا ہے۔ اب ہمیں دوسرے انسانی رشتوں سے کہیں زیادہ فطرت کے رشتوں میں سکون اور فرحت محسوس ہوتی ہے۔ وہ اس لیے کہ انسانی رشتوں میں فطری عنصر معدوم اور بناوٹ اور ریاکاری کہیں زیادہ شامل ہو چکی ہے۔ جہاں وہ فطری رویے اور محبتیں اب بھی باقی ہیں، ہمارے دل میں ان کی بہت قدر ہے۔ وہ ایسا سرمایہ ہے کہ جس پر جتنا بھی فخر کیا جائے کم ہے۔

ہمارے دیہات اور شہروں کا اب فطری ماحول وہ نہیں رہا کہ جہاں انسان اور پرندے ہم آہنگی کے ساتھ رہ سکیں۔ ہم نے گھر ہی ایسے بنا لیے ہیں جہاں پرندوں کیلئے ہمسائیگی میں رہنا ممکن نہ ہو۔ پکی، پتھریلی دیواروں اور ہماری کھڑکیوں کے بڑے بڑے شیشوں کے ساتھ وہ اپنا سر پھوڑتے رہتے ہیں۔ ایسے تجربات کے بعد وہ ہمارے گھروں کا رخ کیوں کریں گے۔ ماحول اب بھی پیدا کیا جا سکتا ہے۔ ہر گھر میں، چھوٹا ہو یا بڑا، درخت لگائے جا سکتے ہیں۔ کچھ اور نہیں تو دیواروں پر بوگن ویلیا کی بیلیں چڑھا دیں، وہ بھی پرندوں کیلئے کیڑے مکوڑے کھانے کا بندوبست کر دیں گی۔ اصل بات تو ویسے کچھ اور ہے۔ نہ صرف ہماری زندگیوں کا رخ آسائش اور مادیت پرستی کی طرف ہو چکا ہے بلکہ خواہ مخواہ کی مصروفیت میں اپنی ذات کے ساتھ بھی کسی غیر محسوس مکالمے کی گنجائش نہیں رہی۔ آج کے انسان کو خصوصاً اپنے آج کے معاشرے میں خود کی تلاش مجھے نظر نہیں آتی۔ وہ تو حرص و ہوس، لذت پرستی اور بناوٹی پھولوں کی نمائش میں کھویا ہوا ہے۔ اسے اپنے آباؤ اجداد کے زمانوں کے عام پھلدار درختوں، پرندوں اور سادہ فطری ماحول کا کیونکر خیال آئے گا۔

ہم مادہ پرستی کا طعنہ مغربی معاشروں کو دیتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ اپنی آسودگی کیلئے بہت محنت کرتے ہیں مگر ایک توازن بھی ہے۔ ان کے دیہات، قصبے اور یہاں تک کے بڑے شہر تک باغات معلوم ہوتے ہیں۔ ہر گھر ایک باغ یا پارک کا حصہ ہے۔ بڑی عمارتوں کی اونچی منزلوں سے نیچے اتریں تو ساتھ ہی کہیں گھنے جنگل میں گھرا کوئی پارک ہوگا۔ لاہور، پشاور اور کسی زمانے کا اسلام آباد بھی باغوں کے شہر تھے۔ ملتان جو کبھی آموں کے باغات کا شہر تھا، اب اس کی کیا بات کریں، اور کئی دیگر شہروں کی بھی۔ کوئی زیادہ بات کرنے کو جی نہیں چاہتا کہ مارگلہ کے بارے میں ایک عدالتی فیصلے کے بعد دل بہت بوجھل ہے۔ ہم کب تک چھوٹے چھوٹے ذاتی جنگل آباد کر کے فطری ماحول بحال کریں گے۔ فقط کچھ نہ ہونے سے کچھ خود کرنا بہتر ہے۔ ہماری شہریت اور اس کا شعور فطرت شناسی اتنا کمزور ہے کہ اجتماعی ایکشن مشکل نظر آتا ہے۔ چلو کچھ اپنے حصے کا کام ہی کر جائیں۔

ریلوے کے وزیر کتنی بوگیاں چیک کر سکتے ہیں؟

ہماری گورننس کا فارمولا دنیا میں سب سے جدا ہے یہاں جو محکمے میں سب سے اوپر بیٹھا ہوا ہے وہ نچلی ترین سطح کے حالات جاننے نکل پڑتا ہے۔ اس اس زمانے میں کہ جب شیدے ریڑھی والے جیسے پاکستانیوں کو بھی شعور آ گیا ہے ایسے ڈراموں سے بھلا کوئی متاثر کیا جا سکتا ہے، مگر کیا کریں کارکردگی بھی تو دکھانی ہے۔ اب ایک ایسے ملک میں جہاں ہر دو چار دن بعد خبر آ جاتی ہے کہ فلاں گاڑی کی بوگیاں پٹڑی سے اُتر گئیں، مین لائن پر بارہ یا چوبیس گھنٹے ریلوے ٹریفک بند رہی، لوگ زخمی ہوئے کچھ ویران علاقے میں پڑے رہے وہاں اگر ریلوے کا وزیر درجنوں کیمرہ مینوں کے ساتھ بوگیوں کے اندر جا کے مسافروں سے یہ معلوم کرتا رہے سفر کیسا کٹ رہا ہے، واش روم میں پانی ہے یا نہیں، بوگی کے پنکھے چل رہے ہیں، کوئی تکلیف تو نہیں ہو رہی اور خود مسافروں کا رخ کیمروں کی طرف کرا کے انہیں تعریفی جملے بولنے کو کہیں تو کیا اس طرح ریلوے کی سروس بہتر ہو جائے گی۔ روزانہ سینکڑوں ریل گاڑیاں چلتی ہیں اگر وزیر صاحب ہی نے سب جا کر حالات کا جائزہ لینا اور معیار چیک کرنا ہے تو پھر اُن ہزاروں ملازمین کا اچار ڈالنا ہے جو اوپر سے نیچے تک انہی کاموں کے لئے موجود ہیں۔ مسئلہ تو یہی ہے کہ وزیر کو سامنے آ کر بتانا پڑتا ہے دیکھو میں موجود ہوں۔ ہم پھر دنیا کی مثال دیتے ہیں، بھلا کسی اور ملک میں حتیٰ کہ بھارت جیسے دیش میں بھی اس قسم کے ڈرامے نظر نہیں آئیں گے کیونکہ یہ بے وقوفی بلکہ بے وقوف بنانے کی حد ہے کہ آپ ایک ٹرین پر چڑھ جائیں اور مسافروں سے انٹرویو کرنا شروع کر دیں، جسے ہم نظام کہتے ہیں وہ ون مین شو نہیں ہوتا، یعنی وزیر آئے گا تو حالات بہتر ہوں گے۔ اس کا مطلب ہے جہاں وزیر صاحب نہیں آئیں گے صورتحال دگرگوں رہے گی، ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ وفاقی وزیر حنیف عباسی آئے روز کے حادثات کا سخت نوٹس لیتے، ذمہ داروں کو کٹہرے میں کھڑا کرتے، وجوہات کا تعین کر کے آئندہ کے لئے حادثات کی روک تھام کا موثر نظام وضع کرتے مگر اس طرف تو اُن کی توجہ ہی نہیں۔ کیا ہم کسی بڑے ٹرین حادثے کا انتظار کر رہے ہیں۔ بڑی مسافر گاڑیوں نے بھی اسی ٹریک پر چلنا ہے جس پر چھوٹی گاڑیاں چل کر پٹڑی سے اُتر جاتی ہیں۔

نسیم شاہد

عام پسنجر ٹرینوں کی رفتار تو کم ہوتی ہے اس لئے بوگیوں کا اُترنا اتنا نقصان دہ نہیں ہوتا مگر گرین لائن، تیزگام، شالیمار، عوام ایکسپریس جیسی گاڑیاں فل رفتار سے چلتی ہیں اُن کے حادثات ماضی میں ہوئے ہیں تو کس قدر جانی نقصان ہوا یہ سب ریکارڈ پر موجود ہے اور ریلوے کی سب سے پہلی ترجیح تو سفر کو محفوظ بنانا ہے، سارا فوکس اس پر ہونا چاہیے مگر حادثات کے تسلسل سے لگتا ہے ترجیح یہ نہیں ہے۔

اگر آپ محکمہ ریلوے میں کانٹے والے سے لیکر سیکرٹری ریلوے تک عملے اور افسروں کے عہدے گننے لگیں تو چکرا کر رہ جائیں گے۔ انگریزوں کے بنائے ہوئے اس محکمے میں ہر کام کے لئے ایک نہیں درجنوں افراد موجود ہیں اس کے باوجود اگر ریلوے کے وفاقی وزیر حنیف عباسی کو یہ جاننے کے لئے خود نکلنا پڑتا ہے کہ مسافروں کو سہولتیں مل رہی ہیں یا نہیں، بوگیوں میں پنکھے اور لائٹیں جلتی ہیں یا بند ہیں، یا واش روم میں پانی آ رہا ہے یا نہیں آ رہا تو پھر یہ مان لینا چاہیے کہ ریلوے کا سفید ہاتھی بھی وفاقی وزیر سے شروع ہو کر انہی پر ختم ہو جاتا ہے، پھر اربوں کے بجٹ کی کیا ضرورت ہے جو ہزاروں ملازمین کی تنخواہوں پر صرف کیا جاتا ہے، ویسے بھی ایسے دوروں کا کیا فائدہ ہو سکتا ہے۔ چھوٹے سے لیکر بڑے تک ہر عملے کے بندے کو معلوم ہوتا ہے آج وزیر صاحب دورے پر آ رہے ہیں، جس ٹرین میں معائنہ کرنا ہوتا ہے اُس کا بھی اسٹیشن ماسٹر اور ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ کو علم ہوتا ہے حتیٰ کہ مسافر بھی نقلی ہوتے ہیں، جو واہ واہ کر دیتے ہیں اس سے بڑے لطیفے اور مزاحیہ ڈرامے شاید ہی کہیں اور ہوتے ہوں۔ ان سے پہلے بھی بہتری آئی ہے جو اس دور میں آ سکتی ہے۔ نظام کو سیدھا کرنے کی بجائے وزیر صاحب کو اگر یہ ضرورت پیش آ جائے کہ خود کسی ٹرین میں میڈیا کے نمائندوں اور فوٹوگرافروں کے لاؤ لشکر سمیت حالات کا جائزہ لینا ہے تو پھر بگاڑ پیدا تو مزید شدت سے ہوگا، کم نہیں ہو سکے گا۔

صفائی کا ناقص نظام، واش رومز میں غلاظت، ٹوٹی ہوئی سیٹیں، خراب پنکھے، رات کے وقت اندھیرا، کیونکہ اکثر بلب یا تو لگے نہیں ہوتے یا پھر خراب ہوتے ہیں۔ ریلوے اب صرف غریبوں اور متوسط طبقے کی سواری رہ گئی ہے۔ بہت امیر طبقہ ہوائی جہاز سے سفر کرتا ہے اور کم امیر ایئر کنڈیشنڈ بسوں پر جاتے ہیں البتہ بڑی گاڑیوں میں ایئر کنڈیشنڈ سلیپر، اور کوپے امراء کو بھی اپنی طرف متوجہ کر لیتے ہیں، جن کا کرایہ عام آدمی کے بس میں نہیں۔ آج بھی ریلوے بڑی حد تک اپنا بوجھ آپ اٹھانے کے قابل ہے، مگر اس ادارے کو بھی یونین کے عفریت نے نگل لیا ہے۔ کسی کا احتساب کرتے ہوئے افسروں کی اس لئے جان جاتی ہے کہ ریلوے یونین ہڑتال کی دھمکی دے کر خوفزدہ کر دیتی ہے۔ اس سارے نظام میں اصلاحات کی ضرورت ہے، صرف ایک دن چند منٹوں کے لئے کسی بوگی کو چیک کرنے سے بات نہیں بنے گی، اوپر سے نیچے تک ہر شخص کو جواب دہ بنانا پڑے گا۔ ریلوے کو سفر کا آئیڈیل ذریعہ بنایا جا سکتا ہے بشرطیکہ خود ریلوے کے ہزاروں ملازمین اس کیلئے دیانتداری سے کمربستہ ہو جائیں۔

بقیہ 1

کر لی گئی۔ یہاں جاری کردہ ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے علاقے کا محاصرہ کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا، دہشتگردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ معاون وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشتگردوں کا ہر قیمت پر قلع قمع کیا جائے گا، ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 2

کی اس کے علاوہ چیف انجینئر لورالائی ژوب زون قاضی نورالحق ایس ای بارکھان و موسیٰ خیل عبدالرزاق مندوخیل ایگزیکٹو انجینئر بارکھان انجینئر فضل کریم متعلقہ کنسلٹنٹ اور دیگر افسران بھی موجود تھے اجلاس کے دوران منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تعمیراتی سرگرمیوں درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق آگاہ کیا بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے کام جاری ہے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے رکھنی ٹاؤن کی اپ لفٹنگ اور بازار کی ری ماڈلنگ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ سلیمان ڈویژن کے قیام کے بعد رکھنی کو بطور ڈویژنل ہیڈکوارٹر خصوصی اہمیت حاصل ہوئی ہے اس تناظر میں شہر کی بنیادی سہولیات سڑکوں نکاسی آب بازاروں اور شہری ڈھانچے کی بہتری ناگزیر ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ رکھنی شہر کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور معیار کو یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ متعلقہ حکام کو یہ واضح ہدایات دیں کہ جہاں جہاں انھیں کام کے لیے مواقع حاصل ہیں وہاں پوری رفتار کے ساتھ کام کو تیز کیا جائے

بقیہ 3

تفصیلات کے مطابق انہیں مقررہ وقت پر ریسرچ مکمل کرنے پر گریجویٹ آن ٹائم سرٹیفکیٹ سے بھی نوازا گیا۔ ترجمان تربت یونیورسٹی کے مطابق یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد، فیکلٹی آف بزنس اینڈ اکنامکس کے ڈین ڈاکٹر عدیل احمد، شعبہ کامرس کے چیئرمین ڈاکٹر مشتاق محمد، ڈائریکٹر گریجویٹ اسٹڈیز ڈاکٹر وسیم برکت، اور فیکلٹی ممبران و انتظامی عملے نے تعلیم و تحقیق کے شعبے میں اس شاندار کامیابی پر ڈاکٹر محمد وارث کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے ڈاکٹر وارث کی علمی لگن اور انتھک محنت کو سراہتے ہوئے ان کی اس کامیابی کو تربت یونیورسٹی کے لیے ایک باعث فخر قرار دیا۔

بقیہ 4

حکام کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں بڑی تعداد میں شہریوں، معززین علاقہ، پارٹی کارکنان اور مختلف وفود نے شرکت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور پارٹی کی سیاست کا محور عام آدمی کے مسائل کا حل اور عوام کی فلاح و بہبود ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے درمیان رہ کر ان کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہماری سیاسی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، جس سے کسی صورت غفلت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی خدمت کے مشن پر عمل پیرا ہے، جبکہ سریاب سمیت دیگر علاقوں میں بھی عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ حلقے کے ہر علاقے کی یکساں ترقی، بنیادی انفراسٹرکچر کی بہتری اور شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے کے تحت ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور حکومت کے درمیان فاصلے کم کرنا اور لوگوں کو ان کی دہلیز پر فوری ریلیف فراہم کرنا ہے

بقیہ 5

اور بعدازاں انہیں مزید علاج کے لیے سی ایم ایچ سبی منتقل کر دیا۔ سی ایم ایچ سبی میں ڈاکٹروں نے ان کا علاج کیا اور بعدازاں انہیں مزید علاج معالجے کیلئے کراچی منتقل کر دیا گیا۔ ڈاکٹروں کے مطابق قبائلی رہنما سردار میر سیف اللہ ڈوکی کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ واقع کی اطلاع ملتے ہی ان کے حامیوں کی بڑی تعداد دورانی ہاؤس بختیار آباد پہنچی

بقیہ 6

کسی بھی شخص کو واٹر ٹینکر چلانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی، گرفتاری اور واٹر سپلائی بند کی جائے گی۔ اجلاس میں تمام ٹینکر مالکان کو ہدایت کی گئی کہ وہ حفاظتی اقدامات پر عمل کریں، تمام ٹینکروں کی اگلی اور پچھلی لائٹس فعال رکھیں اور ڈرائیوروں کے ڈرائیونگ لائسنس بنوائے اور ان کی تجدید کا عمل جلد مکمل کریں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 7

اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے باعث گھروں، دکانوں، کمرشل پلازوں اور سرکاری و نجی ترقیاتی منصوبوں کی لاگت میں خاطر خواہ اضافہ ہو گیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق سریا کی فی کلو قیمت 238 روپے سے بڑھ کر 258 روپے تک پہنچ گئی ہے، جبکہ سیمنٹ کی فی بوری قیمت 1480 روپے سے بڑھ کر 1550 روپے ہو گئی ہے۔ اسی طرح بجری کی قیمت 180 روپے سے بڑھ کر 205 روپے فی کیوبک فٹ جبکہ ریت کی قیمت 75 روپے سے بڑھ کر 95 روپے فی کیوبک فٹ تک جا پہنچی ہے تعمیراتی شعبے سے وابستہ افراد کا کہنا ہے کہ ایندھن مہنگا ہونے سے ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس کے باعث فیکٹریوں اور کانوں سے تعمیراتی سامان کی ترسیل مزید مہنگی ہو گئی ہے۔ اس اضافی لاگت کا بوجھ براہ راست صارفین پر منتقل کیا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے تعمیرات کے اخراجات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

بقیہ 8

صورتحال، عوام کو درپیش مشکلات اور آئندہ کے تنظیمی لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ میں جماعتی نظم و نسق کو مزید فعال اور منظم بنانے کے لیے کیم اگست سے تمام ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے دوروں کا فیصلہ کیا گیا جن کے لیے ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین پر مشتمل 10 کمیٹیاں تشکیل دے کر ان کا باقاعدہ شیڈول جاری کر دیا گیا۔ یہ کمیٹیاں تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لینے یونٹوں کے عاملہ اراکین سے ملاقات کرنے مسائل و تجاویز سننے اور تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنے اپنے مقررہ یونٹوں کا دورہ کریں گی۔ اجلاس میں عوامی، سماجی اور شہری مسائل کے حل کے لیے مختلف کمیٹیوں کے قیام کا بھی اعلان کیا گیا۔ یہ کمیٹیاں متعلقہ سرکاری اداروں اور حکام سے مسلسل رابطے کے ذریعے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں گی۔ فیصلہ کیا گیا کہ کمیٹیوں کے اراکین روزانہ کی بنیاد پر ضلعی دفتر میں موجود رہیں گے جہاں کارکنوں اور شہریوں کے مسائل سن کر ان کے بروقت حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ اور پیروی کی جائے گی۔ اجلاس میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد سمیت ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین، تحصیلوں اور یونٹوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیقی نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی جماعت ہے جس کی اصل قوت اس کے کارکنان، مضبوط تنظیم اور عوامی خدمت میں مضمر ہے۔ موجودہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ جماعت کے ہر ذمہ دار اور کارکن میں احساسِ ذمہ داری، نظم و ضبط اور میدانِ عمل میں بھرپور فعالیت نمایاں ہو۔ انہوں نے کہا کہ ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے دوروں کا مقصد تنظیمی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنا، کارکنان سے براہِ راست رابطہ استوار کرنا، ان کے مسائل اور تجاویز سے آگاہی حاصل کرنا اور جماعتی سرگرمیوں میں مزید تیزی پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے تمام ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ دورہ کمیٹیوں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور تنظیمی اہداف کے حصول کے لیے اپنی ذمہ داریاں اخلاص، دیانت اور احساسِ جوابدہی کے ساتھ ادا کریں۔

بقیہ 9

طلبہ سے تفصیلی ملاقات کی، ان کے مسائل، تجاویز اور ضروریات کو بغور سنیں اور موقع پر ہی متعدد اہم فیصلے کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری عملدرآمد کی ہدایات جاری کیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر قائداعظم لائبریری کوئٹہ کو پاکستان کی مثالی اور جدید لائبریری بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ تین ماہ کے اندر اس ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ لائبریری میں جدید ڈیجیٹل لیب قائم کی جائے، مختلف شعبہ جات سے متعلق نئے ایڈیشن کی معیاری کتابیں فراہم کی جائیں، جبکہ کولنگ سسٹم اور سولر سسٹم کو فوری طور پر فعال بنایا جائے تاکہ طلبہ کو بہترین تعلیمی اور مطالعاتی ماحول میسر آ سکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو اپنی ترقیاتی پالیسیوں کا محور سمجھتی ہے اور ان کی آراء، تجاویز اور مسائل کو براہ راست سننا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان اعتماد اور روابط کو مزید مضبوط بنایا جائے گا

بقیہ 10

غیر قانونی اسلحہ کے کاروبار کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے شہر میں بغیر لائسنس قائم اسلحہ کی ایک دکان کو سیل کر دیا۔ کارروائی کے دوران ایس ڈی پی او غلام اکبر بھی اسسٹنٹ کمشنر کے ہمراہ موجود تھے، جبکہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی مشترکہ ٹیم نے دکان کا معائنہ کیا۔ ابتدائی جانچ کے دوران دکان کے مالک کی جانب سے اسلحہ کی خرید و فروخت کے لیے مطلوبہ قانونی لائسنس پیش نہ کیا جا سکا، جس پر بلوچستان آرمز ایکٹ 2022 کے تحت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے دکان کو فوری طور پر سیل کر دیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے دکان کے مالک کو ہدایت کی کہ وہ ہوم ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان سے باقاعدہ لائسنس حاصل کر کے تمام قانونی تقاضے پورے کرے، بصورت دیگر دکان سیل رہے گی اور قانون کے مطابق مزید کارروائی بھی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق غیر قانونی اسلحہ کی خرید و فروخت، ذخیرہ اندوزی اور بغیر لائسنس کاروبار کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 11

کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر مجیب الرحمن صاحب بھی موجود تھے۔ دورے کا مقصد بنیادی مراکز صحت میں معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات EPI پروگرام اور مجموعی انتظامات کا جائزہ لینا تھا۔ معائنے کے دوران عملے کی حاضری ڈیوٹی کی پابندی اور مراکز میں فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ ای پی آئی سائٹس پر ILR کی مینٹیننس کولڈ چین سسٹم ویکسین اسٹاک ویکسین کا ریکارڈ مانیٹرنگ چارٹس پرمعٹ رجسٹر اور دیگر متعلقہ دستاویزات کو چیک کیا گیا تاکہ ریکارڈ کی درستگی اور حفاظتی ٹیکہ جات کے نظام کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ دورے کے اختتام پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ تمام ریکارڈ بروقت مکمل رکھا جائے

بقیہ 12

کے صاف پانی بجلی کی فراہمی اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق عوامی مشکلات سے آگاہ کیا۔ اس کے علاوہ شہر لورالائی میں BSDI کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، معیار اور بروقت تکمیل کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ وفد نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوامی مسائل کے حل، امن و امان کے قیام اور ترقیاتی سرگرمیوں میں دلچسپی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر عملدرآمد مزید تیز کیا جائے گا۔ اس موقع پر کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے وفد کو یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کے جان و مال کے تحفظ، پائیدار امن کے قیام اور عوامی مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور قانون کی عملداری ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ کمشنر نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے

بقیہ 13

الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ نہ صرف ایک معزز قبائلی شخصیت پر حملہ ہے بلکہ علاقے کے امن و امان کو سبوتاژ کرنے کی مذموم کوشش بھی ہے ایسے بزدلانہ حملے کسی صورت قابل برداشت نہیں، ملوث عناصر کو قانون کی گرفت میں لانا ناگزیر ہے انہوں نے بختیار آباد لہڑی، سبی پولیس اور متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرتے ہوئے حملہ آوروں کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ عوام میں پائے جانے والے تشویش اور خوف کا خاتمہ ہو میر اللہ داد رند نے میر سیف اللہ خان ڈوکی کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس مشکل کی اس گھڑی میں وہ اور پاکستان میڈیا فورم کی پوری قیادت میر سیف اللہ خان ڈوکی اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ کھڑی ہے

بقیہ 14

ہے۔ روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں؛ چینی 300 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے، گندم کا آٹا بازار سے ناپید ہو چکا ہے جبکہ خشک دالوں اور پھلوں کے دام غریب اور متوسط طبقے کی پہنچ سے باہر ہو گئے ہیں، جس سے 90 فیصد سے زائد عوام کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی پر سیاسی و سماجی حلقوں نے گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے فوری مداخلت اور نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ گرانفروشوں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کر کے عوام کو مہنگائی سے نجات اور ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 15

وڈیرہ صالح جاموٹ، انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمیداللہ مینگل، آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین بشیر احمد جتک، ایگزیکٹو آفیسر انجینئر سلیم رزاق عمرانی، انجینئر عبدالرؤف قمرانی، چیئرمین خضدار پریس کلب کے چیئرمین ایوب بلوچ، ایس ایچ او خضدار ٹی منیر احمد جتک، گورنمنٹ کنٹریکٹر عرفان گنگو انجینئر یونس رمضان موسیانی، بلدیاتی نمائندہ نذیل بارانزئی کریم بلوچ و دیگر معززین بھی موجود تھے۔ افتتاح کے بعد ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ واک ٹریک طلبہ، نوجوانوں اور شہریوں کو صحت مند طرز زندگی اپنانے کا موقع فراہم کرے گا۔ حکومت کی کوشش ہے کہ خضدار میں کھیلوں اور تفریح کی بنیادی سہولیات کو فروغ دیا جائے تاکہ لوگ اپنی مصروف زندگی سے وقت نکال کر جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی فلاح کے منصوبوں کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ ڈویژنل پبلک کالج کے احاطے میں واک ٹریک کا قیام اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ واک ٹریک کے اضافے سے شہر میں صحت مند سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔ چیف آفیسر خضدار خضدار وڈیرہ صالح جاموٹ نے کہا کہ واک کرنے والے شہریوں کو نیشنل ہائی وے سے منسلک ایریا میں پرسکون ماحول میسر آئے گا

بقیہ 16

کمشنر آفس سے ہوتی ہوئی واپس ڈی ایچ او آفس پہنچی۔ ریلی میں ڈسٹرکٹ چیئرمین فرید الحق لہڑی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی، ایم ایس ڈاکٹر حبیب پندرانی، ماہر امراض قلب ڈاکٹر محمد اسماعیل جتک، ڈاکٹر عبدالغفار ہاشمی، ڈاکٹر عارف لہڑی ڈاکٹر محمد رفیق لہڑی ڈاکٹر نصیر عمرانی، ڈاکٹر حماد اللہ زہری، ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی، سب ڈویژنل آفیسر بی اینڈ آر ذوالفقار علی لہڑی، میر مزا مینگل ڈاکٹر عبدالفتح لہڑی خان جان ہنگوئی، قبائلی رہنما عبدالرؤف لہڑی، اقلیتی رہنما داسومل، ہرپال داس میڈیکل ایسوسی ایشن کے مختیار جتک ارباب پندرانی سمیت مرد و خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر بہاول لہڑی نے کہا کہ ہیپاٹائٹس بی سے محفوظ اور موثر ویکسین کے ذریعے بچاؤ ممکن ہے، جبکہ ہیپاٹائٹس سی کا جدید ادویات سے تقریباً مکمل علاج کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت (WHO) کے مطابق دنیا بھر میں تقریباً 30 کروڑ افراد ہیپاٹائٹس بی یا سی سے متاثر ہیں اور ہر سال لاکھوں نئے کیسز سامنے آنے کے ساتھ تقریباً 13 لاکھ افراد جگر کے امراض کے باعث جان کی بازی ہار جاتے ہیں، جبکہ پاکستان ہیپاٹائٹس سی سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نصیر آباد میں ہیپاٹائٹس کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات کر رہی ہے

بقیہ 17

فرحان جمالی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنے خاندان کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ملک و قوم کی خاطر اپنی جان قربان کر دی پیپلز پارٹی کے جیالے بلاول بھٹو زرداری اور آصف علی زرداری کی قیادت میں انکا مشن مکمل کرنے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے انہوں نے کہا کہ قائد عوام کی شہادت کے بعد محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے ملک و قوم کی رہنمائی کا فریضہ سنبھالا اور خود کو چاروں صوبوں کی زنجیر ثابت کیا تاہم وطن دشمنوں نے اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے انہیں اپنے راستے سے ہٹا دیا پیپلز پارٹی شہیدوں کی جماعت ہے اور اسکے کارکن پارٹی کی نشاۃ ثانیہ کیلئے جدوجہد کرتے رہیں تا کہ اپنے شہید قائدین کی طرف سے عوام کو روٹی کپڑا اور مکان کے نعرے کو عملی جامہ پہنا سکیں پاکستان پیپلز پارٹی ایک جہد مسلسل کا نام ہے دختر مشرق محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے قائد عوام کے فلسفے کے مطابق ملک کے غریب مزدور کسان اور معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کے حقوق کی جنگ جاری رکھی اور پاکستان کو مضبوط و مستحکم بنانے اور جمہوریت کو تن آور درخت بنانے میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا سردار کوہیار خاں ڈوکی نے کہا کہ عوامی مسائل حل کرنے کے لیے دن رات کوشاں ہوں عوامی خدمت ہی میرا اوڑھنا بچھونا ہے انہوں نے کہا ڈوکی خاندان نے ہمیشہ حق اور سچ کی سیاست کی اور بلاتفریق ترقیاتی کام کروائے اور یہ ترقیاتی سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ 18

مزدوروں کو نامعلوم مسلح افراد شناخت کے بعد اپنے ساتھ لے گئے مغویوں میں چار پنجابی اور تین پختون شامل ہیں۔ بعدازاں سورگ کے مقام سے ایک پختون مزدور جاوید سکنہ صوابی کی گولیوں سے چھلنی لاش برآمد ہوئی جبکہ دیگر چار پنجاب کے رہائشی اور دو پختون مزدور تاحال لاپتا ہیں۔ واقعے کے دوران فائرنگ کی زد میں آ کر سولنڈ کے رہائشی مقامی راہ گیر عبدالرزاق ولد داد محمد بھی جاں بحق ہو گئے، جن کی لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ واقعے کے بعد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے، تاہم لاپتا چھ مزدوروں کے بارے میں تاحال کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ 19

میں قبائلی عمائدین نے ضلع میں امن و استحکام کے قیام، جرائم کی روک تھام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قبائلی روایات کے مطابق بھائی چارے کے فروغ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں تمام مکاتب فکر کو یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے گشت کے نظام کو مزید موثر بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی خیراللہ ناصر نے کہا کہ ضلع دکی میں امن و امان کا قیام ضلعی انتظامیہ، قبائلی عمائدین، منتخب نمائندوں اور عوام کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے یا عوام کا سکون خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ قبائلی عمائدین ہمیشہ سے معاشرتی ہم آہنگی، تنازعات کے پرامن حل اور بھائی چارے کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے آئے ہیں، اور موجودہ حالات میں بھی ان کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے کو مزید موثر بنایا جائے گا تا کہ شہریوں کو بہتر تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس کے دوران ضلع میں ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات، تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور سڑکوں کی بہتری سے متعلق امور بھی زیر غور آئے۔ ڈسٹرکٹ چیئرمین نے کہا کہ ترقی اور امن ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں

بقیہ 20

گوٹھ اللہ ڈنہ خان عمرانی میں اضافی کمروں کی تعمیر، گورنمنٹ شلٹر لیس بوائز پرائمری سکول فرید خان عمرانی، گورنمنٹ شلٹر لیس بوائز پرائمری سکول یار محمد پندرانی، گورنمنٹ شلٹر لیس سکول مہراب خان عمرانی، گورنمنٹ بوائز مڈل سکول سلطان احمد ہجوانی میں اضافی کمروں کی تعمیر، اور بلیک ٹاپ روڈ سنجر خان جتک شامل ہیں دورے کے دوران مقامی افراد نے نئے تعمیر شدہ سکولوں میں اساتذہ کی فوری تعیناتی کا مطالبہ کیا، جس پر ڈپٹی کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ اگست کے مہینے میں اساتذہ کی تعیناتی کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی تا کہ تعلیمی سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز ممکن ہو سکے ڈپٹی کمشنر نے تمام جاری و مکمل شدہ منصوبوں کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے کام کے معیار، رفتار اور شفافیت کا تفصیلی معائنہ کیا انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ ترقیاتی منصوبوں میں اعلیٰ معیار کو ہرصورت یقینی بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ورپندر لعل نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی بنیادی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کو یقینی بنا رہی ہے۔ ان منصوبوں کا بنیادی مقصد عوام کو بہتر تعلیمی سہولیات، معیاری سڑکیں اور مضبوط بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنا ہے انہوں نے مزید کہا کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیاری تعمیر متعلقہ افسران کی اولین ذمہ داری ہے تا کہ منصوبے دیرپا ثابت ہوں اور عوام کو بھرپور فائدہ پہنچا سکیں انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ تعلیمی اداروں میں اضافی کمروں کی تعمیر سے طلبہ کو بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول میسر آئے گا، جبکہ سڑکوں کی بہتری سے نہ صرف آمدورفت میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ مقامی معیشت کو بھی فروغ حاصل ہوگا ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلع میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے گا تا کہ عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات بروقت، شفاف اور مکمل طور پر فراہم کیے جا سکیں۔

بقیہ 21

دینے اور شہری علاقوں میں ماحولیاتی بہتری کے لیے جدید اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ ماحولیاتی قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمن خان ملاخیل نے مزید کہا کہ عوامی شمولیت کے بغیر ماحولیاتی اہداف کا حصول ممکن نہیں، لہٰذا شہریوں میں شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی مہمات کو وسعت دی جا رہی ہے۔ تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی اور میڈیا کے تعاون سے ماحول دوست طرز زندگی کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت آئندہ نسلوں کے لیے ایک صاف، سرسبز اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اور اس مقصد کے حصول میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر وفود نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل سے صوبائی مشیر کو آگاہ کیا صوبائی مشیر نے تمام علاقوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 22

جعفرآباد کے عوام کے مفادات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ حیردین ڈرینج پہلے ہی اپنی گنجائش سے زیادہ پانی برداشت کر رہی ہے جبکہ اس میں مزید پانی شامل کرنے کی کوئی گنجائش موجود نہیں اگر سندھ کی جانب سے اس نالے کا پانی بھی حیردین ڈرینج میں چھوڑا گیا تو ضلع صحبت پور، جعفرآباد اور اوستہ محمد کو شدید سیلابی خطرات لاحق ہو جائیں گے۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ یہ اضلاع پہلے ہی 2010، 2012 اور 2022 کے تباہ کن سیلابوں کا سامنا کر چکے ہیں اس لیے بلوچستان کے عوام کو ایک بار پھر کسی ممکنہ آفت سے دوچار نہیں ہونے دیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ اس معاملے پر صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے مسلسل رابطہ ہے جنہوں نے صورتحال کا سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری کارروائی کی ہدایت کی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت بھی اس معاملے پر متحرک ہے اور سندھ حکومت سے باضابطہ مذاکرات کیے جائیں گے تا کہ مسئلے کا قابل قبول حل نکالا جا سکے۔ صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے واضح کیا کہ عوام کے مفادات کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا اور کسی صورت متنازع نالے کا پانی حیردین ڈرینج میں شامل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

بقیہ 23

مستحکم کاروباری ترقی کا سفر جاری رکھا، جس میں فکسڈ، انٹرپرائز اور موبائل کاروبار میں مسلسل ترقی کے ساتھ ساتھ پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) کے تحت یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کے کامیاب انضمام نے اہم کردار ادا کیا۔ اہم مالیاتی جھلکیوں کے مطابق کمپنی کی مجموعی آمدنی میں سالانہ بنیادوں پر 62 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کی بنیادی وجہ فکسڈ براڈبینڈ، انٹرپرائز اور ہول سیل کاروبار میں مسلسل ترقی کے ساتھ ساتھ پی ٹی ایم ایل کے تحت یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کے کامیاب انضمام کے بعد موبائل کاروبار کی مضبوط کارکردگی رہی۔ مجموعی آپریٹنگ منافع میں سالانہ بنیادوں پر 226 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ خالص منافع 4.7 ارب روپے تک پہنچ گیا، جو کامیاب انضمام، بہتر آپریشنل کارکردگی اور آمدنی میں مسلسل اضافے کا مظہر ہے۔ پی ٹی سی ایل کی آمدنی میں سالانہ بنیادوں پر 8 فیصد اضافہ ہوا، جس میں فلیش فائبر کی آمدنی میں 27 فیصد، بزنس سلوشنز میں 13 فیصد اور کیریئر اینڈ ہول سیل سروسز میں 16 فیصد اضافہ شامل ہے، جبکہ بین الاقوامی کاروبار سے حاصل ہونے والی آمدنی میں بھی سالانہ بنیادوں پر 3 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پی ٹی سی ایل نے 8.5 ارب روپے کا آپریٹنگ منافع حاصل کیا جبکہ خالص منافع 3.6 ارب روپے رہا، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 211 فیصد بہتری کو ظاہر کرتا ہے۔ کمپنی کے مالی نتائج میں وائرلیس کاروبار سے موصول ہونے والے 2 ارب روپے کے منافع نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ موبائل کاروبار (پی ٹی ایم ایل) کی آمدنی میں سالانہ بنیادوں پر 138 فیصد اضافہ ہوا، جس کی وجہ یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کے انضمام کے بعد ٹیلی نار پاکستان کے کاروبار کا یکجا ہونا، اور کارپوریٹ و ریٹیل دونوں شعبوں میں مسلسل ترقی رہی۔ پی ٹی ایم ایل نے 23.1 ارب روپے کا آپریٹنگ منافع حاصل کیا، جو سالانہ بنیادوں پر 203 فیصد اضافے کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ کامیاب انضمام، آمدنی میں اضافے اور بہتر آپریشنل کارکردگی کا نتیجہ ہے۔ یوبینک نے 12.3 ارب روپے کی آمدنی حاصل کی اور زیر جائزہ دورانیے کے دوران آپریٹنگ منافع ریکارڈ کیا، جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے کے دوران آپریٹنگ خسارہ سامنے آیا تھا، جو بینک کی آپریشنل کارکردگی میں نمایاں بہتری کا ثبوت ہے۔ بینک کے خالص مالی نتائج میں بھی گزشتہ مدت کے مقابلے میں 85 فیصد بہتری آئی، جو اس کی مالی بحالی کے تسلسل کی نشاندہی کرتی ہے۔ 2026 کی دوسری سہ ماہی کے دوران پی ٹی سی ایل نے پی ٹی ایم ایل کے تحت یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کے انضمام کا عمل کامیابی سے مکمل کیا، جو پاکستان کی ٹیلی کام انڈسٹری کے سب سے بڑے انضمامی مراحل میں سے ایک کی تکمیل ہے۔ اکٹھی ہونے والی موبائل کمپنیوں نے سپیکٹرم، ملک گیر نیٹ ورک انفراسٹرکچر اور وسیع تر صارفین کی بنیاد کو یکجا کرتے ہوئے معیاری کنیکٹیویٹی، صارفین کے بہتر تجربے اور آپریشنل استعداد کے لیے ایک مضبوط پلیٹ فارم فراہم کیا

بقیہ 24

کے مختلف سرکاری اسکولوں میں سولر انرجی سسٹم نصب کرنے کے منصوبے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ منصوبے کا مقصد بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث تعلیمی سرگرمیوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لورالائی کے متعدد سرکاری تعلیمی ادارے طویل عرصے سے بجلی کی غیر یقینی فراہمی کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ گرمی کے موسم میں بجلی کی بندش سے کلاس رومز میں پنکھے اور دیگر برقی سہولیات بند رہنے کے باعث طلبہ اور اساتذہ کو دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس کے منفی اثرات تدریسی عمل پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ اس صورتحال کے پیش نظر رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل کی سفارش پر متعلقہ اسکولوں میں جدید سولر سسٹم نصب کیے جائیں گے تا کہ تعلیمی سرگرمیاں بلا تعطل جاری رہ سکیں۔ حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے کہا کہ تعلیم کا فروغ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور ضلع کے طلبہ کو جدید اور بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سولر سسٹم کی تنصیب سے نہ صرف بجلی کی مسلسل فراہمی ممکن ہوگی بلکہ تعلیمی اداروں کے اخراجات میں بھی کمی آئے گی اور ماحول دوست توانائی کے فروغ میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کی کوشش ہے کہ ضلع لورالائی کو ترقی کے لحاظ سے بلوچستان کا ایک مثالی اور ماڈل ضلع بنایا جائے۔ عوام سے انتخابی مہم کے دوران کیے گئے تمام وعدوں کو عملی جامہ پہنانا ان کی اولین ذمہ داری ہے اور ہر ترقیاتی منصوبے کو بروقت مکمل کرنا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی نے بتایا کہ ضلع بھر میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی، صحت کے شعبے کی بہتری، بجلی کی فراہمی، پینے کے صاف پانی کے منصوبوں، تعلیمی اداروں کی اپ گریڈیشن اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے متعدد منصوبوں پر پیش رفت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی اور شہری علاقوں کے درمیان ترقیاتی فرق کو کم کرنے کے لیے نئی اسکیمیں بھی صوبائی ترقیاتی پروگرام میں شامل کی جا رہی ہیں تاکہ تمام علاقوں کے عوام کو یکساں طور پر ترقیاتی ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ترقیاتی فنڈز کے شفاف استعمال، منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید فلاحی اور ترقیاتی منصوبے بھی متعارف کرائے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کی پالیسی کے مطابق عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، معیارِ زندگی میں بہتری اور نوجوانوں کے لیے بہتر مواقع پیدا کرنا ہی حقیقی ترقی کا معیار ہے

بقیہ 25

دوران ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے متاثرین میں خوراک، صاف پانی، طبی سہولیات اور ضروری امدادی سامان تقسیم کیا گیا، سیلاب متاثرین کو بروقت امداد کی فراہمی یقینی بنائی۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ایف سی عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات یقینی بنا رہی ہے۔

بقیہ 26

خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں امیر العظیم مرحوم کی یاد میں منعقدہ تعزیتی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر جماعت اسلامی کے صوبائی نائب امیر ڈاکٹر عطاء الرحمان ودیگر نے بھی خطاب کیا مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی ہدایت پر بلوچستان بھر میں تعزیتی ریفرنسز، دعائیہ تقاریب منعقد ہوئی۔ اس موقع امرائے اضلاع وذمہ داران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امیر العظیم مرحوم جماعت اسلامی پاکستان کی اُن ممتاز شخصیات میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے اپنی پوری زندگی دینِ اسلام کی سربلندی، اقامتِ دین، عوام کی خدمت اور تحریکِ اسلامی کی مضبوطی کے لیے وقف کیے رکھی۔ وہ ایک مدبر، منتظم، باوقار رہنما، بہترین مقرر، صاحبِ قلم، مخلص داعی اور بااصول سیاسی کارکن تھے۔ ان کی زندگی اخلاص، استقامت، قربانی اور وفاداری کا عملی نمونہ تھی۔ طالب علمی ہی کے زمانے میں وہ اسلامی جمعیت طلبہ سے وابستہ ہوگئے اور اپنی قائدانہ صلاحیتوں کے باعث جلد نمایاں مقام حاصل کیا۔ وہ اسلامی جمعیت طلبہ لاہور کے ناظم، بعدازاں اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان کے ناظمِ اعلیٰ منتخب ہوئے۔ پنجاب یونیورسٹی طلبہ یونین کے منتخب صدر کی حیثیت سے بھی انہوں نے طلبہ کے حقوق کی مؤثر آواز بلند کی۔ جنرل ضیاء الحق کے دور میں طلبہ یونین کی بحالی کے لیے لانگ مارچ کی قیادت کی، جس کے نتیجے میں انہیں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنا پڑیں۔ اسی دوران جیل میں رہتے ہوئے وہ اسلامی جمعیت طلبہ کے ناظمِ اعلیٰ منتخب ہوئے، جو ان پر کارکنان کے غیر معمولی اعتماد کا اظہار تھا۔ جمعیت سے فراغت کے بعد انہوں نے جماعت اسلامی پاکستان میں مختلف اہم تنظیمی ذمہ داریاں نبھائیں۔ وہ طویل عرصے تک جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات رہے، جماعت اسلامی لاہور کے سیکرٹری جنرل اور امیر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ بعد ازاں وہ دو مرتبہ جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل منتخب ہونے اس اہم ذمہ داری پر فائز رہے اور جماعت کے تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، کارکنان کی تربیت اور ملک گیر تحریکی سرگرمیوں میں کلیدی کردار ادا کیا۔ امیر العظیم ؟ نے صرف تنظیمی میدان ہی میں نہیں بلکہ قومی اور جمہوری جدوجہد میں بھی ہمیشہ نمایاں کردار ادا کیا۔ وکلاء تحریک اور چیف جسٹس بحالی تحریک میں وہ صفِ اول کے قائدین میں شامل رہے۔ لانگ مارچ کے دوران پولیس کی جانب سے پھینکا گیا آنسو گیس کا شیل ان کے سر پر لگا، جس سے وہ شدید زخمی ہوئے۔ اس زخم کا نشان زندگی بھر ان کی پیشانی پر نمایاں رہا، جو حق و انصاف کی جدوجہد کی ایک زندہ علامت بن گیا۔ امیر العظیم کی دینی خدمات بھی بے مثال تھیں۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی قرآن و سنت کی دعوت، اسلامی نظام کے قیام، آئین و قانون کی بالادستی، جمہوریت کے استحکام اور معاشرے میں اسلامی اقدار کے فروغ کے لیے وقف کیے رکھی۔ ان کی تقاریر، تحریریں، فکری رہنمائی اور تنظیمی بصیرت نے جماعت اسلامی کے ہزاروں کارکنان کی تربیت کی۔ وہ ہمیشہ نرم خو، بااخلاق، سادہ مزاج، دیانت دار اور انتہائی مخلص شخصیت کے طور پر پہچانے جاتے تھے۔ شدید علالت کے باوجود انہوں نے صبر، استقامت اور اللہ تعالیٰ پر کامل توکل کا مظاہرہ کیا۔ بیماری ان کے عزم، حوصلے اور تحریکی وابستگی کو کبھی متزلزل نہ کر سکی۔ ان کی پوری زندگی اس بات کی گواہ ہے کہ اخلاص، قربانی اور ثابت قدمی کے ساتھ اللہ کے دین کی خدمت کرنے والا انسان ہمیشہ لوگوں کے دلوں میں زندہ رہتا ہے۔ امیر العظیم کی رحلت جماعت اسلامی، تحریک اسلامی اور پاکستان کے لیے ایک ناقابلِ تلافی نقصان ہے، لیکن ان کی جدوجہد، کردار، فکری وراثت اور دینی خدمات ہمیشہ زندہ رہیں گی اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بنی رہیں گی۔ تعزیتی ریفرنس دعائیہ تقاریب میں امیر العظیم کی مغفرت کیلئے خصوصی دعائیں کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہمیں ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 1

1740 ارب روپے تک پہنچ گیا، آئی ایم ایف کے ساتھ طے شدہ ہدف کے مطابق اسے 1600 ارب روپے تک محدود رکھنا تھا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران گردشی قرض میں ہونے والے 400 ارب روپے کے بہاؤ کو سبسڈی کی مد میں ایڈجسٹ کیا جانا تھا، آئی ایم ایف اور پاکستان کی معاشی ٹیم کے درمیان مذاکرات میں زیرواں فلو ہدف طے کیا گیا تھا جس کے تحت گردشی قرض کو 1600 ارب روپے تک محدود رکھنا تھا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ مالی سال میں پاور سیکٹر کے گردشی قرض میں تقریباً 480 ارب روپے کا مزید اضافہ ہوا جبکہ وزارت خزانہ نے گردشی قرض کی ایڈجسٹمنٹ کے لیے تقریباً 350 ارب روپے فراہم کیے، اس کے باوجود مجموعی طور پر 130 ارب روپے سے زائد کا اضافہ گردشی قرض کے مجموعی سٹاک میں شامل ہوا، اس اضافی رقم کو ایڈجسٹ کرنے کیلئے متعلقہ وزارت ورکنگ کر رہی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت کو توقع ہے کہ آئندہ اقتصادی جائزے تک گردشی قرض کو دوبارہ 1600 ارب روپے کی مقررہ حد تک لانے کا ہدف حاصل کرلیا جائیگا۔

بقیہ 2

کے درمیان مذاکرات کا آئندہ دور 4 سے 6 اگست تک اٹلی کے دارالحکومت روم میں منعقد ہوگا۔ عرب ٹی وی کے مطابق امریکی ثالثی میں ہونے والے ان مذاکرات میں اسرائیل اور لبنان کے درمیان طے پانے والے فریم ورک معاہدے پر مکمل عمل درآمد کو آگے بڑھانے پر توجہ دی جائے گی۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ایک اہلکار نے بتایا کہ مذاکرات میں پائلٹ زونز کے عمل کو وسعت دینے، سرحدی تنازعات کے تمام باقی ماندہ معاملات حل کرنے اور جامع امن و سلامتی کے معاہدے کی جانب پیش رفت بارے بات چیت کی جائے گی۔ فریم ورک معاہدہ 2 مارچ کو اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان جنگ شروع ہونے کے بعد سامنے آیا تھا جس کا مقصد تنازعے کا خاتمہ تھا۔ معاہدے کے تحت اسرائیلی افواج کو جنوبی لبنان کے دو پائلٹ زونز سے مرحلہ وار انخلا کرنا ہوگا جبکہ لبنانی فوج کو جنوبی علاقوں میں تعینات کیا جائے گا۔

بقیہ 3

کارروائیاں جاری ہیں۔ اپنے بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ وہ آزاد کشمیر کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہیں، انہوں نے الزام عائد کیا کہ احتجاج کے پیچھے بھارتی سپانسرڈ لوگ موجود ہیں جو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ جس طرح کے الفاظ استعمال کیے جا رہے ہیں، کوئی بھی محب وطن پاکستانی ایسے الفاظ استعمال نہیں کرسکتا، چاہے وہ کشمیری ہو، پنجابی، بلوچی یا پٹھان۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ان کے خلاف جو بھی باتیں کی جارہی ہیں، انہیں اس سے کوئی غرض نہیں۔

بقیہ 4

وصولی کا نظام بھی شامل ہے۔ خلیجی ذرائع کی رپورٹ کے مطابق ریاستِ عمان کی تجویز کو علاقائی حمایت حاصل ہے۔ عمانی تجویز کے تحت ایران آبنائے ہرمز پر مکمل طور پر کنٹرول حاصل نہیں کرے گا۔ خلیجی ذرائع کا کہنا تھا کہ یہ تجویز آبنائے ملاکا کے ماڈل پر مبنی ہے، جہاں اس آبنائے کو استعمال کرنے والے افراد اور ادارے رضاکارانہ طور پر جہازرانی، ماحولیاتی تحفظ، تلاش اور بچاؤ کی کارروائیوں کے لیے فنڈ فراہم کرتے ہیں۔

بقیہ 5

کانگریس کے وفد میں ریان زنکے اور مائیکل باؤمگارٹنر شامل تھے۔ وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے نائب وزیراعظم نے پاک۔امریکا تعلقات میں جاری مثبت پیش رفت کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر فریقین نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور تجارت، سرمایہ کاری، انفارمیشن ٹیکنالوجی، توانائی اور دیگر باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پارلیمانی سطح پر مسلسل روابط دونوں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد کو فروغ دینے اور دیرینہ شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 7

ہوئی تھی، امریکا نے ایسا منصوبہ پیش کیا جس میں بے جا مطالبات تھے جس پر ایرانی وفد نے منصوبہ واضح طور پر مسترد کردیا۔ غریب آبادی نے کہا کہ امریکا نے اعلان کیا تھا کہ اگر یہ منصوبہ مسترد کردیا گیا تو مذاکرات کو ناکام سمجھا جائے گا اور امریکی وفد واپس چلا جائے گا، بات چیت کے آخر میں ہوا بھی یہی اور امریکی وفد بات چیت چھوڑ کر چلا گیا۔ غریب آبادی نے بتایا کہ ایرانی وفد نے نہ تو اس بات پر زور دیا اور نہ ہی درخواست کی کہ مذاکرات کا سلسلہ جاری رکھا جائے اور یہ نقطہ نظر اس بات کی مثال ہے کہ ایران باوقار انداز سے سفارتکاری کررہا ہے۔ ایران کے نائب وزیرخارجہ نے آبنائے ہرمز کی صورتحال پر بھی بات کی۔ غریب آبادی نے کہا کہ ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز دوبارہ بند کیے جانے کے بعد عمان میں بھی بات چیت ہوئی۔ عمانی وفد نے زور دیا کہ جہازوں کی آمدورفت کے لیے کھولا گیا جنوبی رستہ اس وقت تک کھلا رکھا جائے جب تک کہ ایران اور عمان کے درمیان کسی نتیجے پر پہنچتے ہیں اور بعد میں یہ رستہ بند کردیا جائے مگر ایران نے اس تجویز کو قبول نہیں کیا۔ غریب آبادی نے کہا کہ ایران نے واضح کیا کہ بات چیت کا نتیجہ خواہ کچھ بھی ہو، جنگ کے آغاز ہی سے ایران کی اصولی پالیسی واضح ہے اور وہ یہ کہ ایسی تجاویز قبول نہیں کی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ آبنائے ہرمز کو بند رکھنے کی پالیسی برقرار ہے اور یہ بھی ایران کی باوقار سفارتکاری کی دوسری مثال ہے۔۔۔۔۔۔ امریکی حکام نے کہا ہے کہ ایران پر عائد اقتصادی پابندیاں اور مالی دباؤ ممکنہ طور پر فوجی حملوں سے زیادہ موثر ثابت ہو سکتے ہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق واشنگٹن کا خیال ہے کہ معاشی دباؤ تہران کو مذاکرات پر آمادہ کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ رپورٹ میں امریکی انتظامیہ کے سینئر حکام کے حوالے سے بتایا گیا کہ انٹیلی جنس اطلاعات کے مطابق ایران کو پیٹرول کی قلت، بینکوں سے بڑے پیمانے پر رقوم نکلوانے کے خدشات اور اپنے جنگجوؤں کو ادائیگیاں کرنے میں مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے جبکہ امریکی پابندیوں اور بحری ناکہ بندی نے ملک پر مالی دباؤ مزید بڑھا دیا ہے۔ ایک امریکی عہدیدار نے دعویٰ کیا کہ ایران کو محکمہ جنگ سے زیادہ امریکی محکمہ خزانہ سے خوف ہے تاہم انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ اقتصادی دباؤ کے ذریعے ایران کو کسی معاہدے پر آمادہ کرنے میں مکمل فوجی کارروائی کے مقابلے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔۔۔۔۔۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعوی کیا ہے کہ امریکا نے ایران کی بحریہ، فضائیہ، عسکری قیادت اور فضائی دفاعی نظام کو تباہ کردیا ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ریاست مشی گن میں خطاب کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ ہم نے ایران کی بحریہ تباہ کردی، ان کی فضائیہ تباہ کردی، ان کی قیادت ختم کردی اور ان کا فضائی دفاعی نظام بھی تباہ کر دیا۔ انہوں نے مزید دعوی کیا کہ امریکا نے ایران کی ڈرون اور میزائل بنانے کی زیادہ تر صلاحیت بھی تباہ کردی ہے۔ ٹرمپ کے بقول ایران اب اپنی سابقہ صلاحیت کے صرف تقریباً 7 فیصد کی رفتار سے ڈرون تیار کررہا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ اب ایران ہمارے ساتھ معاہدے کی بات کر رہا ہے، لیکن اگر ہم سخت کارروائی نہ کرتے تو مذاکرات کی نوبت ہی نہ آتی۔ صدر۔۔۔۔۔۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں پر ہونے والے حملوں سے ہونے والے نقصانات کے ازالے کے لیے امریکا اپنے کنٹرول میں موجود منجمد ایرانی اثاثوں سے رقم استعمال کرے گا۔ امریکی صدر نے ایئر فورس ون میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران کے زیر کنٹرول یا اس سے منسلک عناصر کی جانب سے تجارتی جہازوں کو پہنچنے والے نقصان کا بوجھ امریکی ٹیکس دہندگان پر نہیں ڈالا جائے گا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہم ایران کے پیسوں سے وہ نقصان پورا کریں گے جو اس نے کیا ہے۔ ہمارے کنٹرول میں موجود ایرانی فنڈز کو متاثرہ جہازوں اور تجارتی سامان کے نقصانات کی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جائے گا۔۔۔۔۔۔ ایران کی اعلیٰ مشترکہ فوجی کمان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ امریکا کی کسی بھی غیر قانونی بحری ناکہ بندی کی کوشش کو علاقائی تنازع کو مزید بڑھانے کے مترادف سمجھا جائے گا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ایرانی فوج نے کہا کہ امریکا کی جانب سے کسی بھی خطرے کے بھرپور جواب دیا جائے گا۔

بقیہ 8

حالات باعث تشویش ہیں، ملک میں برائے نام اسمبلیاں اور سینیٹ موجود ہیں۔ انہوں نے کشمیر میں کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بلوچستان میں اضلاع کی تقسیم کے معاملے پر جرگہ بلایا جائے گا جہاں عوام کے سامنے تمام معاملات رکھے جائیں گے، جبکہ ستمبر یا اکتوبر میں پختونخوا وطن کا بھی جرگہ منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بلوچ مسلح گروہوں اور ریاست کے درمیان تصادم میں شدت آچکی ہے، عوام کی جان و مال محفوظ نہیں، مزدوروں کو بے وردی سے قتل کیا گیا مگر ان واقعات کی کسی نے ذمہ داری قبول نہیں کی۔ انہوں نے ہنہ اوڑک، زیارت اور منگوچر کے واقعات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ متعلقہ ذمہ داروں نے استعفے نہیں دیے جبکہ درجنوں گاڑیاں جلائی جارہی ہیں

بقیہ 9

کاروبار کرنے والے انفرادی دکاندار سکیم سے فائدہ اٹھا سکیں گے، خصوصی طریق کار صرف ٹیکس سال 2026ء کیلئے نافذ ہوگا جبکہ سکیم کے تحت مجموعی کاروبار پر ایک فیصد ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ریٹرن کے ساتھ کم از کم 25 ہزار روپے نقد ٹیکس ادا کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ ود ہولڈنگ ٹیکس قابل ادائیگی ٹیکس سے منہا کیا جاسکے گا اور اضافی رقم واپس نہیں ہوگی۔ ایف بی آر کے مطابق اہل دکاندار آئی آر آئی ایس پورٹل، موبائل ایپ یا ٹیکس دفتر کے ذریعے رجسٹریشن کراسکیں گے جبکہ سکیم اختیار کرنے والے دکانداروں کا عمومی طور پر آڈٹ نہیں ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق غیر معمولی لین دین یا غلط استعمال کی صورت میں محکمانہ کارروائی کی جاسکے گی

بقیہ 10

آبنائے ہرمز کی صورتحال، خطے میں کشیدگی میں کمی اور امن و امان کے قیام کے لئے سفارتی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ رہنماؤں نے خطے میں استحکام کیلئے سفارتی تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا، جبکہ ایران، سعودی عرب اور عمان نے مشترکہ سفارتی کوششوں کو مزید مؤثر بنانے پر اتفاق کیا۔ ایران اور سعودی عرب کے حکام کے درمیان یہ رابطہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب سعودی عرب اور ایران کے اتحادی حوثی گروپ کے درمیان کشیدگی کی ایک بار پھر بڑھ گئی ہے۔ یاد رہے کہ حال ہی میں ایران اور عمان کے درمیان دو روزہ مذاکرات ہوئے تھے جن میں امریکی فوجی حملوں کے خاتمے کے بعد کی صورتحال پر بات ہوئی تھی، فریقین کی جانب سے ان مذاکرات کو نتیجہ خیز قرار دیا تھا، تاہم ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے گزشتہ روز کہا کہ ایران نے مذاکرات کے دوران عمان کی ایک تجویز مسترد کردی ہے۔

بقیہ 11

کی سماعت گرمیوں کی تعطیلات کے بعد تک ملتوی کر دی۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں وفاقی آئینی عدالت کے 3 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران پی ٹی آئی رہنماؤں کے وکیل علی بخاری نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی اور دیگر کی جانب سے وکالت نامہ اور جواب جمع کرانے کیلئے مہلت طلب کی۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ وہ اس مقدمے میں سہیل آفریدی کے ساتھ پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کے بھی وکیل ہیں۔ علی بخاری نے کہا کہ انہیں بتایا گیا کہ سلمان اکرم راجہ کی نمائندگی بھی انہیں ہی کرنا ہے، اس لیے جواب جمع کرانے کے لیے مزید وقت دیا جائے۔ ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا نے مؤقف اختیار کیا کہ یہ ایک سیاسی نوعیت کا مقدمہ ہے، لہٰذا پارٹی کے سیکریٹری جنرل کو جواب جمع کرانے کے لیے مناسب مہلت دی جانی چاہیے۔

بقیہ 12

اوران کے اہلخانہ کے بینک اکاؤنٹس بلاک کیے جانے کے خلاف درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ موسم گرما کی تعطیلات کے باعث متعلقہ بینچ تعطیلات کے بعد ہی کیس کا فیصلہ کرے گا۔ سرکاری وکیل نے اسلام آباد سے آنے والے تفتیشی افسر کو حاضری کو استثنیٰ دینے کی درخواست کی، تاہم عدالت نے یہ استدعا مسترد کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر تفتیشی افسر کو پیش ہونے کا حکم دیا۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 10 اگست تک ملتوی کردی۔ درخواست گزار کے وکیل بیرسٹر علی طاہر نے مؤقف اختیار کیا کہ عدالت کی جانب سے دو مرتبہ ڈی جی این سی سی آئی اے کو طلب کیے جانے کے باوجود جواب جمع نہیں کرایا گیا

بقیہ 13

اضافی دیا گیا جس کے بعد ووٹوں کی گنتی کا عمل مکمل ہوا۔ میرپور ڈویژن کے 13 حلقوں کے مکمل غیرحتمی اور غیر سرکاری نتائج آگئے ہیں جن کے مطابق 9 حلقوں پر مسلم لیگ (ن) اور 4 حلقوں پر پیپلز پارٹی کامیاب ہوئی۔ غیرحتمی غیر سرکاری نتائج کے مطابق حلقہ ایل اے 1 میرپور 1، حلقہ ایل اے 4 میرپور 4، حلقہ ایل اے 5 بھمبر 1، حلقہ ایل اے 6 بھمبر 2، حلقہ ایل اے 7 بھمبر 3، حلقہ ایل اے 9 کوٹلی 2، حلقہ ایل اے 11 کوٹلی 4، حلقہ ایل اے 12 کوٹلی 5، حلقہ ایل اے 13 کوٹلی 6 سے (ن) لیگ کامیاب ہوئی ہے۔ حلقہ ایل اے 2 میرپور 2، ایل اے 3 میرپور 3، حلقہ ایل اے 8 کوٹلی 1 اور حلقہ ایل اے 10 کوٹلی 3 سے پیپلزپارٹی کامیاب ہوئی۔

بقیہ 14

کے سفیر سردار احمد شکیب نے الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں جماعت اسلامی پاکستان کے سیکریٹری جنرل امیر العظیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے تعزیت کی گئی۔ ملاقاتوں میں مرحوم کی دینی، سیاسی اور ملی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا، ان کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی، جبکہ سوگوار خاندان، جماعت اسلامی کی قیادت اور کارکنان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا بھی کی گئی۔ دونوں ملاقاتوں میں جماعتِ اسلامی کے ڈائریکٹر امور خارجہ آصف لقمان قاضی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر پاک ایران اور پاک افغانستان تعلقات، خطے کی مجموعی صورتحال، غزہ، لبنان اور افغانستان سمیت علاقائی امن، امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز، اقتصادی تعاون اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایرانی سفیر سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پاکستان اور ایران دو برادر اسلامی ممالک ہیں جو ایک جان، دو قالب کی حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کو معمولی اختلافات سے بالاتر ہو کر باہمی تعاون، اقتصادی روابط کے فروغ اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے لیے مشترکہ کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے ایران، غزہ اور لبنان میں فوری، مکمل اور مستقل جنگ بندی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جب تک امریکی جارحیت کا سلسلہ جاری رہے گا، خطے میں پائیدار امن کا قیام ممکن نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلم ممالک کو مشترکہ موقف اختیار کرنا چاہیے کیونکہ اسلامی ممالک کے درمیان اختلافات سے صرف دشمن قوتیں فائدہ اٹھاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل کی جارحانہ پالیسیوں کے مقابلے میں جماعتِ اسلامی ایرانی حکومت اور عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ رضا امیری مقدم نے خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور مذاکرات کے فروغ کے لیے پاکستان کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان، ایران، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مفاہمت اور تعاون خطے کے امن وسلامتی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے مسائل کا پائیدار حل صرف مذاکرات کے ذریعے ممکن ہے اور آبنائے ہرمز، غزہ اور لبنان میں جنگ بندی سمیت اہم علاقائی معاملات پر پیش رفت وقت کی اہم ضرورت ہے۔ افغان سفیر سے ملاقات میں حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے عوام مذہبی، تاریخی اور ثقافتی رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات پورے خطے کے امن اور خوشحالی کے لیے ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ باہمی اعتماد، احترام اور مسلسل رابطوں کے ذریعے تمام اختلافات ختم کیے جاسکتے ہیں، جبکہ مسلم ممالک کو اتحاد اور باہمی تعاون کو فروغ دے کر امتِ مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا مشترکہ مقابلہ کرنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ افغانستان میں امن و استحکام نہ صرف پاکستان اور افغانستان بلکہ پورے خطے کے مفاد میں ہے۔ افغان سفیر سردار احمد شکیب نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون اور مثبت روابط خطے میں پائیدار امن اور ترقی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے افغان عوام کے لیے پاکستان کے مختلف ادوار میں کیے گئے تعاون کو سراہا اور مختلف شعبوں میں دوطرفہ روابط بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ دونوں ملاقاتوں کے اختتام پر امتِ مسلمہ کے اتحاد، باہمی احترام، علاقائی امن و استحکام، اور اسلامی دنیا کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 15

کی گرفتاری کیلئے پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری نے علاقے کی ناکہ بندی کردی۔ حکام کے مطابق ایس پی بارکھان عبدالحق نے بتایا کہ ڈی ایس رکھنی مرید بگٹی علاقے میں گشت کر رہے تھے کہ بارکھان کے علاقے کھمڈ چوکی کے مقام پر مسلح افراد نے پولیس کی گاڑی پر فائرنگ کردی، ایس پی بارکھان کے مطابق مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈی ایس پی مرید بگٹی شہید ہوگئے، اطلاع ملنے پر پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری ملزمان کی گرفتاری کیلیے موقع پر پہنچ گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 16

ریاست دشمن عناصر کو کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشتگردوں کے خلاف موثر کارروائیاں کررہے ہیں، امن دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کو فرار ہونے یا عوام کے امن کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے رکھنی میں دہشتگردوں کی فائرنگ سے ڈی ایس پی مرید بگٹی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی قربانیاں قوم کے لیے مشعل راہ ہیں۔ فرض کی ادائیگی کے دوران جان کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر اہلکاروں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے جوانوں نے امن کے قیام کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں، ان قربانیوں سے دہشتگردی کے خلاف ہمارا عزم مزید مضبوط ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد عناصر کا ہر قیمت پر خاتمہ کیا جائے گا اور امن دشمنوں کو ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور صوبے میں امن و امان کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 17

برسوں میں باہمی تجارت کو بڑھا کر 20 ارب ڈالر تک لے جا سکتے ہیں، معروف امریکی کمپنیاں پاکستان میں ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، اہم معدنیات، توانائی، دفاع اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لے رہی ہیں، پاکستان میں جاری اصلاحات اور امریکا کی مسابقتی ٹیرف پالیسی نے بھی ملک کو سرمایہ کاری کے لئے مزید پرکشش بنادیا ہے، واشنگٹن میں پاکستان کا سفارتخانہ اور امریکا بھر میں قائم پاکستانی قونصل خانے امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان کے متعلقہ اداروں سے رابطے میں معاونت فراہم کرتے رہیں گے۔ منگل کو یہاں وزارت خارجہ میں امریکی کانگریس کے ایک وفد اور اعلیٰ سطح کے امریکی کاروباری وفد سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان امریکا کے ساتھ اپنی دیرینہ تزویراتی اور اقتصادی شراکت داری کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور تجارت، سرمایہ کاری اور ابھرتے ہوئے شعبوں میں تعاون کے فروغ کے لئے پرعزم ہے۔ وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ اس دورے سے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی اور پاک۔امریکا تعلقات میں مثبت پیشرفت کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکا بالترتیب دنیا کی پانچویں اور تیسری بڑی آبادیاں ہیں اور وہ ایک دوسرے کی اقتصادی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے باہمی مفاد پر مبنی مضبوط شراکت داری قائم کرنے کی بے پناہ استعداد رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا پاکستان کی برآمدات کے لئے سب سے بڑی واحد منڈی ہے، گزشتہ مالی سال کے دوران دونوں ممالک کے درمیان باہمی تجارت کا حجم 9.4 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ آئندہ پانچ برسوں میں تجارتی حجم کو بڑھا کر 20 ارب امریکی ڈالر تک لے جایا جا سکتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ایک منصفانہ، متوازن اور باہمی مفاد پر مبنی تجارت پر یقین رکھتا ہے جو دونوں معیشتوں کے لئے قدر پیدا کرے اور دونوں ممالک کے عوام کی مشترکہ خوشحالی کا باعث بنے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکا سے کپاس اور سویابین درآمد کرنے والے بڑے ممالک میں شامل ہے جس سے امریکی کسانوں کو فائدہ پہنچتا ہے جبکہ پاکستان امریکی ہائیڈروکاربن مصنوعات کی ایک اہم منڈی کے طور پر بھی ابھر رہا ہے۔ اسی طرح پاکستان میں جدید مشینری، ٹیکنالوجی اور دیگر سامان کی بڑھتی ہوئی طلب امریکی صنعت کاروں کے لئے نمایاں مواقع فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معروف امریکی کمپنیاں پاکستان میں ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، اہم معدنیات، توانائی، دفاع اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جاری اصلاحات اور امریکا کی مسابقتی ٹیرف پالیسی نے بھی ملک کو سرمایہ کاری کے لئے مزید پرکشش بنادیا ہے۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سپیشل انویسٹمنٹ فیسلی ٹیشن کونسل کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک ون ونڈو پلیٹ فارم ہے جو سرمایہ کاروں کو تمام ضروری منظوریوں کے عمل کو آسان بنانے اور حکومتی اداروں کے درمیان مؤثر ہم آہنگی کے ذریعے سہولت فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے امریکی کاروباری رہنماؤں کو ترغیب دی کہ وہ ایس آئی ایف سی کے ساتھ اپنا رابطہ برقرار رکھیں تاکہ دستیاب مواقع کو طویل المدتی تجارتی شراکت داری میں تبدیل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتِ پاکستان امریکی حکومت، کاروباری اداروں، سرمایہ کاروں اور کاروباری شخصیات کے ساتھ تعمیری تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لئے پرعزم ہے تاکہ اشیا اور خدمات، بالخصوص آئی ٹی، مصنوعی ذہانت، توانائی، مینوفیکچرنگ، اہم معدنیات، زراعت اور دیگر ابھرتے ہوئے شعبوں میں تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکی سرمایہ کاری میں اضافے کے لئے خصوصی اقتصادی زونز اور ٹیکنالوجی پارکس سمیت مسابقتی مراعات فراہم کرنے کے لئے تیار ہے۔ نائب وزیراعظم نے اس امید کا اظہار بھی کیا کہ امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک، امریکی انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ فنانس کارپوریشن اور امریکی ٹریڈ اینڈ ڈویلپمنٹ ایجنسی دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں اپنا تعاون جاری رکھیں گے۔ انہوں نے امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان کی اقتصادی تبدیلی کا شراکت دار بننے کی دعوت دیتے ہوئے یقین دلایا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت ان کی طویل المدتی کامیابی کے لئے ہرممکن سہولت فراہم کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ واشنگٹن میں پاکستان کا سفارتخانہ اور امریکا بھر میں قائم پاکستانی قونصل خانے امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان کے متعلقہ اداروں سے رابطے میں معاونت فراہم کرتے رہیں گے۔ دوطرفہ تعلقات کے وسیع تناظر پر روشنی ڈالتے ہوئے محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور امریکا پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کے مشترکہ مقصد کے لئے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تنازعات کے حل اور علاقائی امن کے قیام کے لئے بات چیت اور سفارتکاری کو ہی واحد پائیدار راستہ سمجھتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران پاکستان نے عالمی سفارتی سطح پر اپنی مثبت شناخت کو مضبوط بنایا ہے اور آج اسے ایک ذمہ دار امن پسند ملک کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے جو علاقائی اور عالمی استحکام میں مؤثر کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے امریکی کاروباری وفد کے ارکان پر زور دیا کہ وہ امریکا میں پاکستان کے مثبت تشخص کے سفیر کا کردار ادا کریں اور امریکی کاروباری برادری کے سامنے پاکستان کی وسیع اقتصادی صلاحیتوں اور سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کرنے میں فعال کردار ادا کریں۔

بقیہ 18

دوسرے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی، 800 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 79 ہزار 123 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری دن کے اختتام پر 100 انڈیکس 7 ہزار 241 پوائنٹس کے اضافے سے ایک لاکھ 78 ہزار 262 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ 19

ایرانی شہری شہید جبکہ 670 کے قریب زخمی ہوئے۔ ایرانی خبررساں اداروں کے مطابق محمد رضا ظفرقندی نے بتایا کہ یہ حملے 10 سے 12 روز کے دوران کیے گئے، جن کے نتیجے میں درجنوں شہری شہری اور سیکڑوں زخمی ہوئے۔

بقیہ 20

تجاویز سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی بھی موجود تھے وفد میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کوئٹہ کے صدر ڈاکٹر نادر اچکزئی، سینئر نائب صدر ڈاکٹر کامیار خان، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شعیب بلوچ، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے ڈاکٹر حفیظ مندوخیل، ڈاکٹر علی جان، ڈاکٹر عادل، ڈاکٹر مزمل جبکہ الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے جمال شاہ شامل تھے اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے پائیدار اور مؤثر اصلاحات متعارف کرائی جارہی ہیں تاکہ ڈاکٹرز، طبی عملے اور عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت نے تاریخ میں پہلی مرتبہ ڈاکٹرز کو بڑے پیمانے پر ترقیاں دے کر ان کی پیشہ ورانہ خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ حکومت ڈاکٹرز کے جائز مسائل سے آگاہ ہے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ڈاکٹرز ان معاشرے کا انتہائی قابل احترام طبقہ ہیں اور انسانی جانوں کے تحفظ کی عظیم ذمہ داری نبھا رہے ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹرز پر زور دیا کہ وہ کسی بھی ایسے عمل کا حصہ نہ بنیں جو غریب اور نادار مریضوں کے لیے مشکلات یا تکلیف کا باعث بنے کیونکہ عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ حکومت اور طبی برادری باہمی تعاون، اعتماد اور مسلسل مشاورت کے ذریعے صحت کے شعبے کو مزید موثر، شفاف اور عوام دوست بنانے کے لیے مشترکہ طور پر کام کریں گے وفد نے ڈاکٹرز کے مسائل سننے، صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے مشاورتی عمل جاری رکھنے اور ان کے جائز مطالبات پر مثبت پیش رفت کی یقین دہانی کرانے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 21

وکمانڈر داخلی سلامتی فورس (لخویا) شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ الثانی سے اہم ملاقات کی جس میں سکیورٹی سے متعلقہ شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزرائے داخلہ نے سکیورٹی پارٹنر شپ بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا، خطے کی موجودہ صورتحال اور امن واستحکام پر بھی گفتگو کی، وزارت داخلہ کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ملاقات میں داخلی سکیورٹی سے متعلق باہمی تعاون اور شراکت داری کو مضبوط بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ قطر کے ساتھ سکیورٹی و مشترکہ مفادات کے شعبوں میں اشتراک کو مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے قطری ہم منصب سے ان کے والد سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطر کی تعمیر و ترقی میں سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کی گراں قدر خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ قطری وزیر داخلہ شیخ خلفیہ بن حمد بن خلفیہ الثانی کا کہنا تھا کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں اور دوطرفہ اشتراک مضبوط بنانے کے مل کر کام کرتے رہیں گے۔

بقیہ 22

آمنہ بلوچ اور امریکی ناظم الامور محترمہ نٹالی بیکر بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے دونوں امریکی کانگریس ارکان کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہا اور کہا کہ ان کا دورہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان مضبوط تعلقات کے قیام کی جانب ایک خوش آئند قدم ہے۔ امریکی آزادی کی 250 ویں سالگرہ پر کانگریس ارکان اور امریکی عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے وزیراعظم نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کیلئے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے صدر ٹرمپ کی اس جرات مندانہ اور فیصلہ کن مداخلت کا ذکر بھی کیا جس کے نتیجے میں مئی 2025 میں پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کا خاتمہ اور جنگ بندی عمل میں آئی اور جس نے کروڑوں زندگیاں بچانے میں مدد کی۔ دو طرفہ تعلقات کے حوالے سے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، آئی ٹی، کان کنی و معدنیات اور توانائی کے شعبوں میں امریکہ کے ساتھ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کا خواہاں ہے۔ دونوں کانگریس ارکان نے دورے کے دوران پرتپاک میزبانی پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر ٹرمپ کے پاکستانی قیادت کے ساتھ بہترین تعلقات ہیں جس کے دو طرفہ تعلقات پر بھی مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے علاقائی امن کی کوششوں میں پاکستان کے کلیدی کردار پر وزیراعظم کو سراہا۔ دونوں فریقین نے پاکستان کے دورے کرنے والے کانگریسی وفود اور امریکہ کا دورہ کرنے والے پارلیمانی وفود کی تعداد اور تعدد میں اضافے پر اتفاق کیا۔ ملاقات کے بعد وزیراعظم نے پاکستان کا دورہ کرنے والے امریکی کارپوریٹ سیکٹر کے ایگزیکٹوز کے وفد کے اعزاز میں ایک استقبالیہ دیا۔ اس وفد میں آئی ٹی اور ٹیکنالوجی، توانائی، کان کنی اور مینوفیکچرنگ سمیت مختلف شعبوں کے نمائندے شامل ہیں۔ وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے وزیراعظم نے امریکہ کے ساتھ دیرینہ شراکت داری کو مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور اس بات پر زور دیا کہ اقتصادی تعاون دوطرفہ تعلقات کا مرکزی ستون ہے۔ انہوں نے مزید امریکی کمپنیوں کو دعوت دی کہ وہ مختلف شعبوں میں باہمی طور پر فائدہ مند منصوبوں میں پاکستان میں سرمایہ کاری کریں، اپنی پرتپاک اور انتہائی دوستانہ گفتگو کے دوران، وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستانی نژاد امریکی کمیونٹی، جس کی نمائندگی دورہ کرنے والے امریکی کاروباری وفد میں نمایاں طور پر موجود ہے، پاکستان اور امریکہ کے درمیان ایک اہم پل کا کردار ادا کرتی ہے۔ اس استقبالیہ تقریب میں نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء اور اعلیٰ سرکاری حکام بھی شریک ہوئے۔

بقیہ 23

میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) کی ٹیم نے آزاد کشمیر میں انتہائی کامیاب انتخابی مہم چلائی۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے آزاد کشمیر انتخابات کے پہلے مرحلے میں مسلم لیگ ن کی واضح برتری پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے انتخابات کے پہلے مرحلے میں سیاسی جماعتوں نے بھرپور حصہ لیا جو جمہوری عمل کے کامیاب انعقاد کی نشانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اگلے مرحلے میں بھی اسی جوش و خروش سے حصہ لے کر جمہوری عمل کو کامیاب بنائیں۔

بقیہ 24

گفتگو کرتے بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ نورین بی بی کے خلاف بھی مقدمہ درج ہوا، پہلے بھی کہا تھا گھر میں بیٹھے ایسے الفاظ ہرزہ سرائی نہیں ہوتی، اس طرح پرچے درج کرنے سے حالات بہتر نہیں ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ جو کچھ نورین نیازی نے کہا ان کا ذاتی بیان ہے اور ان کی وضاحت بھی کی، کشمیر پاکستان کا شہ رگ ہے، یہ لاہور اور کشمور نہیں بنے گا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ دونوں بڑی پارٹیوں نے بڑی سیاست کی اور حالات کو اس نہج تک لے آئے، کشمیر کے الیکشن کا ہم نے بائیکاٹ کیا تھا تو کہا تھا کہ پہلے ماحول بناؤ۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ فری اینڈ فیئر الیکشن ہوگا تو ملک آگے جائے گا، اس وقت سیاست اور پوائنٹ اسکورنگ نہیں کرنی چاہیے۔ ہم کسی صورت ٹی ٹی پی کو سپورٹ نہیں کریں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ٹی ٹی پی کا بندا جہاں بھی ہے ہم نے اس کو دہشتگرد سمجھا ہے، کوئی دو رائے نہیں کہ دہشتگردی کے خلاف ایکشن ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا ہم یہ کہتے ہیں کہ پرامن احتجاج کو ڈیل کرنے کا طریقہ الگ ہے، محمود اچکزئی سے ملاقات کریں گے، امید ہے اتحادی جماعتیں 5 اگست کو ساتھ ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق اللہ کی طرف سے اس قوم کو انعام ملا ہے، جس پر قوم کو فخر ہے، مستقبل میں بھی بھارت ایسی مہم جوئی کرے تو اس کو بھرپور جواب دیا جائے گا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا علیمہ خان اپنے طور پر جہاں جارہی ہیں ہمارے اہم این ایز، ایم پی ایز ان کو سپورٹ کررہے ہیں، ہم نے آزاد کشمیر الیکشن کا بائیکاٹ کیا لوگوں کا ٹرن آؤٹ کم رہا۔ انہوں نے کہا کہ صرف 5 سے 7 فیصد ٹرن آؤٹ رہا جو نہ ہونے کے برابر ہے، ہم نے کہا کہ ریاست مخالف اور کشمیر کاز کے خلاف مطالبات کو سپورٹ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سیاست کا وقت نہیں یہ عوام کی بات سننے کا وقت ہے، کشمیر الیکشن بائیکاٹ کا فیصلہ بہت سوچ سمجھ کر سیاسی فیصلہ تھا، مہاجرین کی سیٹیں ختم کرنے پر کہا کہ یہ آئینی فریم ورک کا معاملہ ہے۔

بقیہ 25

جس کے نتیجے میں پانچ ٹرالر اور دو بوزر گاڑیاں جل کر تباہ ہوگئیں، جبکہ ایک ڈرائیور زخمی ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ گزشتہ روز پیش آیا، جہاں مسلح افراد نے پہلے ہوٹل کے سامنے کھڑی گاڑیوں پر اندھادھند فائرنگ کی اور بعد ازاں پانچ ٹرالر اور دو بوزر گاڑیوں کو نذر آتش کردیا فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈرائیور زخمی ہوا، جسے فوری طور پر طبی امداد کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کردیا گیا، جہاں اس کا علاج جاری ہے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کیے۔ پولیس نے نامعلوم حملہ آوروں کی تلاش کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا ہے، جبکہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں

بقیہ 26

کی۔ اجلاس میں برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر ایلیسن بلیک برن، وینیسا موگمگری، ایلینا میلونا، صوبائی وزراء سید ناصر حسین شاہ، سعید غنی، معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری سید قاسم نوید اور دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے برطانوی سرمایہ کاروں کو یقین دہانی کرائی کہ سندھ حکومت سرمایہ کاری کے فروغ، موجودہ سرمایہ کاروں کے تحفظ اور ان کی سرمایہ کاری میں توسیع کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری میں حائل تمام رکاوٹیں دور کرکے کاروبار میں آسانیاں پیدا کی جارہی ہیں تاکہ سندھ کو بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی اولین ترجیح بنایا جا سکے۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ "سندھ اوپن فار بزنس ہے" اور حکومت سرمایہ کار دوست، شفاف اور مستحکم کاروباری ماحول کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ برطانوی کمپنیوں نے سندھ کی معیشت، روزگار کے مواقع اور ٹیکنالوجی کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، جبکہ نئے سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کا بھی بھرپور خیر مقدم کیا جائے گا۔ سید مراد علی شاہ نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ برطانوی کمپنیوں کو درپیش ریگولیٹری، ٹیکس اور یوٹیلیٹی سے متعلق تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنا اور نئی سرمایہ کاری کو فروغ دینا حکومت کی معاشی حکمت عملی کا بنیادی جزو ہے۔ اجلاس میں معاونِ خصوصی برائے سرمایہ کاری سید قاسم نوید نے سرمایہ کاروں کے مسائل کے حل کے لیے جامع ایکشن میٹرکس تیار کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہر مسئلے کے حل کے لیے متعلقہ محکمہ، فوکل پرسن اور واضح ٹائم لائن مقرر کی جائے گی تاکہ شکایات کا بروقت ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔ برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر ایلیسن بلیک برن نے وزیر اعلیٰ سندھ کی ذاتی دلچسپی کو سرمایہ کاروں کے لیے انتہائی مثبت پیغام قرار دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ کی براہ راست موجودگی سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری مسائل کے حل کے لیے حکومت کے مضبوط عزم کی عکاس ہے

بقیہ 27

وزیراعظم نیتن یاہو کے ترکیہ کو جدید ایف 35 لڑاکا طیارے فروخت کرنے سے متعلق اعتراضات مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے کوئی نہیں بتا سکتا کہ امریکا کو کیا فروخت کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ میرے لیے ایک بہترین اتحادی رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ امریکا کے دفاعی سودوں کے فیصلے امریکی حکومت خود کرے گی۔ امریکی صدر نے ترکیہ اور اسرائیل کے درمیان اختلافات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ ترکیہ اسرائیل کا بڑا حامی نہیں اور نہ ہی نیتن یاہو کا، لیکن وہ میرے لیے ایک بہترین اتحادی رہا ہے۔ انہوں نے ترکیہ کو انتہائی طاقتور ملک قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کی فوج مضبوط، بڑی اور جدید دفاعی ساز وسامان سے لیس ہے۔ امریکی صدر نے ترک صدر رجب طیب اردوان کو اپنا دوست قرار دیتے ہوئے ان کی قیادت کی تعریف بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں رجب طیب اردوان نے شام کے معاملے میں اچھا کردار ادا کیا ہے

بقیہ 28

نیپرا میں جمع کرائی گئی ہے جس پر سماعت کے بعد حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ اس سے قبل مئی کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی 34 پیسے فی یونٹ مہنگی کی گئی تھی جس کا اطلاق رواں ماہ کے بجلی بلوں میں کیا گیا۔

بقیہ 29

اثاثہ ثابت ہوا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے دورے کے موقع پر کیا۔ وفاقی وزراء احسن اقبال، رانا تنویر حسین، مصدق ملک، میاں محمد معین وٹو اور سینیٹر اورنگزیب بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ رواں سال مون سون بارشوں کے حوالے سے حکومتی ردعمل انتہائی موثر رہا، گزشتہ سال کی صورتحال سے بہت کچھ سیکھا گیا اور اسی تجربے کی روشنی میں بہتر حکمت عملی اختیار کی گئی۔ انہوں نے چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ این ڈی ایم اے نے مون سون بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لئے موثر اقدامات کئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے مون سون اور سیلابی صورتحال کے حوالے سے بروقت اجلاس منعقد کئے جن میں این ڈی ایم اے کے حکام، وفاقی کابینہ کے ارکان، متعلقہ صوبائی حکومتوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے نمائندوں نے شرکت کی۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ این ڈی ایم اے نے تمام متعلقہ محکموں اور صوبائی حکومتوں کے تعاون سے ارلی وارننگ سسٹم پر کام کیا اور عوام کو ممکنہ خطرات سے بروقت آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این ای او سی) دنیا میں اپنی نوعیت کا منفرد مرکز ہے، حکومت کے تمام اداروں کی مربوط حکمت عملی کے موثر نفاذ اور بروقت پیشگی انتباہ کے نظام کو مضبوط بنانے کے لئے یہ ایک اہم اثاثہ ثابت ہوا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ارلی وارننگ سسٹم ایک ایسا نظام ہے جس کا جائزہ لینے کے لئے دنیا بھر سے لوگ یہاں آتے ہیں، یہاں نصب جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کو بروقت معلومات فراہم کی جاتی ہیں جس کے نتیجے میں جانی و مالی نقصان میں نمایاں کمی آئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عوام کو آگاہی فراہم کرنے کے لئے نہ صرف ذرائع ابلاغ اور روایتی میڈیا سے مدد لی گئی بلکہ پاک این ڈی ایم اے الرٹ ایپلی کیشن کے ذریعے بھی شہریوں کو لحہ بہ لحہ ان کی ڈیوائس پر معلومات فراہم کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ کوشش ہے کہ تمام متعلقہ وزارتیں، ڈویژنز اور صوبائی حکومتیں باہمی تعاون سے اس چیلنج سے نمٹیں، اس حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی دی جاچکی ہے۔

بقیہ 30

طیاروں نے اس گھر پر اکتوبر 2023 اور جون 2025 میں فضائی حملے کیے تھے جن کے نتیجے میں درجنوں شہری شہید ہوگئے تھے اور ان کی ایک بڑی تعداد ملبے کے نیچے ہی دبی رہ گئی تھی۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق غزہ میں شہری دفاع کے عملے نے انتہائی کٹھن حالات میں جاری رہنے والی امدادی سرگرمیوں کے بعد غزہ کے الصبرہ محلے میں ابو شریعہ اور الحسانیہ خاندانوں کے ایک تباہ شدہ گھر کے ملبے کے نیچے سے 99 شہدا کی باقیات نکال لی ہیں۔ عملے نے بتایا کہ حملوں کی وجہ سے ہونے والی وسیع پیمانے پر تباہی کے ساتھ ساتھ ملبے تلے دب جانے والے افراد تک پہنچنے کے لیے درکار ساز وسامان، مشینری اور وسائل کی شدید کمی کے باعث شہدا کی تلاش اور ان کی باقیات نکالنے کے آپریشنز کو اب بھی بہت بڑی مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ 31

۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کو جیت پر مبارکباد دی اور کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کارکردگی کی توثیق کی ہے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی قیادت نے جو وعدے کیے عوام نے ان پر اعتماد کیا، ایل اے 9 فکیال میں گھریلو جھگڑے کی وجہ سے ناخوش گوار واقعہ پیش آیا۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ نے ایل اے 6 میں امیدوار کے خلاف مقدمہ درج کیا اور اسے گرفتار کیا، پرامن انتخابات کے لیے سکیورٹی اداروں نے اہم کردار ادا کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر امیر مقام نے کہا کہ عوام نے انتخابات کے پہلے مرحلے میں بھرپور حصہ لیا، میرپور ڈویژن کی نشستوں میں ن لیگ کو واضح کامیابی حاصل ہوئی۔

بقیہ 32

جس کے تحت دونوں ممالک نے تعیناتی کے منتظر سفارتکاروں اور عملے کو ویزے جاری کر دیئے ہیں۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت نے ایک ایک درجن کے قریب اسسٹنٹ ویزے جاری کیے ہیں۔ ان میں ایسے سفارتکار بھی شامل ہیں جن کی تعیناتی کی مدت مکمل ہوچکی تھی جبکہ نئے نامزد سفارت کار بھی ویزوں کے اجراء کے منتظر تھے۔ ذرائع کے مطابق ویزے حاصل کرنے والے سفارتکار اور سفارتی عملہ جلد اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھال لیں گے۔

بقیہ 33

کہ کالعدم ایکشن کمیٹی کی تحریک حقوق دلانے کی نہیں بلکہ حقوق چھیننے کی تحریک ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے طلاول چوہدری نے کہا کہ کالعدم ایکشن کمیٹی کی تحریک حقوق دلانے کی نہیں بلکہ حقوق چھیننے کی تحریک ہے، یہ لوگ کشمیریوں سے ان کے ووٹ کا حق چھینا چاہتے ہیں۔ اس موقع پر وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ حکومت پاکستان آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ ہے، آزاد کشمیر انتخابات میں تمام جماعتوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

بقیہ 34

چمک اور بعض مقامات پر موسلادھار بارشوں کا الرٹ جاری کر دیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اس دوران صوبے کے شمال مشرقی علاقوں کے ندی نالوں میں طغیانی اور سیلابی ریلوں کا خدشہ ہے، جبکہ ژوب، شیرانی، لورالائی، کوہلو، سبی، قلات، نصیر آباد، جھل مگسی، جعفرآباد، بارکھان، ڈیرہ بگٹی، خضدار، لسبیلہ، آواران، تربت، کیچ اور پنجگور میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارشیں متوقع ہیں، جن میں بعض مقامات پر موسلادھار بارش بھی ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ آندھی اور آسمانی بجلی گرنے کے باعث کمزور تعمیرات، سولر پینلز، بجلی کے کھمبوں اور اشتہاری بورڈز کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ عوام، خصوصاً مسافروں کو دوران سفر غیر ضروری سفر سے گریز اور انتہائی احتیاط برتنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کسانوں پر زور دیا ہے کہ وہ موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی فصلوں اور مال مویشیوں کے تحفظ کے لیے بروقت اقدامات کریں، جبکہ تمام متعلقہ سرکاری اداروں کو ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے الرٹ رہنے اور پیشگی حفاظتی انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 35

کی خاتون رہنما عالیہ حمزہ پر قاتلانہ حملے کی اطلاع ملی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق سلمان اکرم راجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ واقعہ کی فی الفور شفاف تحقیقات کی جائیں، حملہ آور اور ذمہ دار عملہ کے خلاف مقدمات درج کئے جائیں، عدالت میں ان کے طبی معائنے اور تحفظ کی درخواست دائر کریں گے۔ قبل ازیں سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک صحافی نے الزام عائد کیا کہ جیل میں 2 خواتین نے پی ٹی آئی رہنما عالیہ حمزہ اور کارکن فلک جاوید کے گلے دبانے کی کوشش کی۔

بقیہ 36

کی تعلیم بھی دی جائے۔ قومی لاجسٹکس بورڈ (نیشنل لاجسٹکس بورڈ) کا 68 واں اجلاس وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات اور چیئرمین قومی لاجسٹکس بورڈ احسن اقبال کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں بورڈ کے دیگر اراکین نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کوارٹر ماسٹر جنرل پاکستان آرمی/ آفیسر انچارج این ایل سی اور ڈائریکٹر جنرل این ایل سی نے ادارے کی انتظامی، آپریشنل اور مالیاتی کارکردگی پر بورڈ کو تفصیلی بریفنگ دی۔ بورڈ کو آگاہ کیا گیا کہ این ایل سی نے علاقائی رابطہ کاری کے فروغ، پاکستانی مصنوعات کے لیے برآمدی مواقع میں تنوع پیدا کرنے اور بین الاقوامی تجارتی راہداریوں کے قیام کے حوالے سے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ اس سلسلے میں ترکمانستان کے شہر سرحت آباد، ازبکستان کے شہر ترمذ اور چین کے شہر کاشغر میں فارورڈ ٹرانزٹ ٹریڈ مراکز کے قیام سے خطے میں تجارتی روابط کو مزید مستحکم بنانے میں مدد ملے گی۔ شرکاء کو این ایل سی کی جانب سے لاجسٹکس انفراسٹرکچر کی بہتری، زرعی مصنوعات کی ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کے فروغ کے لیے شروع کیے گئے نئے منصوبوں سے بھی آگاہ کیا گیا۔ قومی لاجسٹکس کارپوریشن (این ایل سی) کے 68 ویں بورڈ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات اور چیئرمین بورڈ، احسن اقبال نے این ایل سی کو ہدایت کی کہ وہ ست ڈرائی پورٹ اور خنجراب بارڈر ٹرمینل کو پاکستان کی برآمدات کے فروغ اور علاقائی تجارتی روابط کے استحکام کے لیے ایک اسٹریٹجک مرکز کے طور پر مزید وسعت دینے پر خصوصی توجہ دے۔ انہوں نے بین الاقوامی معیار کے مطابق جدید ڈرائیونگ اکیڈمی کے قیام کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ ایسے ہنرمند ڈرائیور تیار کیے جاسکیں جو عالمی منڈی کی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ تربیت حاصل کرنے والوں کو غیرملکی زبانوں کی تعلیم بھی دی جائے تاکہ وہ خصوصاً چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت سرحد پار تجارت اور لاجسٹکس کے شعبے میں بین الاقوامی شراکت داروں سے مؤثر انداز میں رابطہ اور ہم آہنگی قائم کرسکیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ لاجسٹکس اب محض ایک مقام سے دوسرے مقام تک سامان کی ترسیل کا نام نہیں بلکہ یہ مسابقتی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی، مضبوط اور پائیدار سپلائی چینز کی بنیاد، قومی سلامتی اور پائیدار ترقی کے لیے ایک اسٹریٹجک ستون بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن ممالک نے اپنی معیشتوں کو کامیابی سے ترقی دی، انہوں نے موثر نقل وحمل، کثیر جہتی رابطہ کاری، ڈیجیٹل لاجسٹکس اور آسان تجارتی سہولتوں کے ذریعے کاروبار کی لاگت اور وقت میں نمایاں کمی لائی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے لیے لاجسٹکس کے نظام میں بہتری کسی ایک شعبے کی اصلاح نہیں بلکہ ایک قومی معاشی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اڑان پاکستان کے اہداف، خصوصاً برآمدات پر مبنی معاشی نمو، صنعتی مسابقت اور علاقائی روابط کے فروغ کے لیے ایک موثر، مربوط اور جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ لاجسٹکس نظام ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اجلاس ہمیں اپنی پیش رفت کا جائزہ لینے، درپیش رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کرنے اور اجتماعی کاوشوں کو اس مقصد کے لیے ہم آہنگ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ایسا لاجسٹکس نظام تشکیل دیا جائے جو برآمدات میں اضافے، سرمایہ کاری کے فروغ، علاقائی تجارت کے استحکام اور پاکستان کو جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، چین اور مشرق وسطی کے درمیان ایک مؤثر علاقائی رابطہ مرکز کے طور پر مستحکم کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے۔

بقیہ 37

اتفاق کیا کہ اشتہارات کی تقسیم کا ڈیٹا روزانہ کی بنیاد پر ویب سائٹ پر جاری کیا جانا چاہئے۔ اے پی این ایس کی سندھ کمیٹی کا اجلاس چیئرمین سندھ کمیٹی جناب جاوید مہر شمسی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری اطلاعات نے خصوصی دعوت پر شرکت کی۔ اجلاس میں اے پی این ایس کے صدر سرمد علی اور سیکرٹری جنرل محمد اطہر قاضی اور اراکین نے صوبہ سندھ کے اخبارات کو درپیش مسائل سے سیکرٹری اطلاعات کو مطلع کیا اور کہا کہ واجبات کی عدم ادائیگی کے باعث سندھ کے اخبارات شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں اس لیئے حکومت سندھ جلد از جلد واجبات کی ادائیگی کو یقینی بنائے۔ اراکین نے ڈیسلے اشتہارات کے اجراء اور سندھی اخبارات کو سندھ حکومت کے اشتہارات ترجیحی بنیاد پر جاری کرنے کی درخواست کی۔ اراکین نے اس امر پر تشویش کا اظہار کیا کہ محکمہ اطلاعات سندھ کی طرف سے اخبارات و جرائد کو اشتہارات کا اجراء طے شدہ حجم کے برعکس کم ترین سطح پر آگیا ہے۔ اے پی این ایس کی رکن مطبوعات کو کم مقدار میں اشتہارات جاری کیئے جارہے ہیں۔ اجلاس نے مطالبہ کیا کہ پرنٹ میڈیا کیلئے اشتہارات کا حجم بڑھایا جائے تاکہ وہ اپنی اشاعت برقرار رکھ سکیں۔ کمیٹی کے اراکین نے مطالبہ کیا کہ نان بنچڈ اشتہارات کی ادائیگی کے پرانے نظام کو بحال کیا جائے اور حسب سابق ان اشتہارات کی ادائیگی ماہانہ بنیاد پر محکمہ اطلاعات سندھ کی طرف سے کی جائے۔ جناب کاشف گلزار شیخ نے اجلاس کو یقین دلایا کہ حکومت سندھ پرنٹ میڈیا کی افادیت اور مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور ان مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کیئے جارہے ہیں۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل اراکین شریک ہوئے: جناب جاوید مہر شمسی چیئرمین سندھ کمیٹی، یونس مہر نائب چیئرمین (روزنامہ ہلچل)، شہاب زبیری (روزنامہ بزنس ریکارڈر)، قاضی مصطفیٰ اسد عابد (روزنامہ عبرت)، جنید اکرم (روزنامہ ڈان)، بلال فاروقی (روزنامہ آغاز)، ڈاکٹر جبار خٹک (روزنامہ عوامی آواز) رفیق احمد پیر زادہ (روزنامہ پاک سندھ)، نجم الدین شیخ (روزنامہ دیانت)، زاہدہ عباسی (روزنامہ نوبج)، قاضی سجاد اکبر (روزنامہ دی ریجنل ٹائمز)، منگل داس اروانی (روزنامہ ہلال پاکستان)، امتیاز اختر قاضی (روزنامہ تعمیر سندھ)، ممتاز علی پھلپوٹو (روزنامہ عوامی پرچار)، اقبال حسین تونیو (روزنامہ جنگ)، حسینہ جتوئی (روزنامہ مول)، محمد عرفان (روزنامہ امت) اور شاہد سائی (روزنامہ وطن)۔

بقیہ 38

کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی جو رواں سال 8 اپریل کے بعد ایک روز میں سب سے بڑی گراوٹ قرار دی جارہی ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق برینٹ کروڈ کی قیمت میں 11.3 فیصد کی واقع ہوئی، جس کے بعد یہ 85.87 ڈالرفی بیرل پر بند ہوا جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل تقریباً 7 فیصد سستا ہوکر 82.61 ڈالرفی بیرل کی سطح پر آ گیا۔ عالمی منڈی میں یہ نمایاں کمی امریکا اور ایران کے درمیان فوجی کارروائیوں میں عارضی وقفے کے بعد سامنے آئی جس سے سرمایہ کاروں میں سپلائی سے متعلق خدشات میں کمی آئی۔

بقیہ 39

مسابقت کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ پاکستان کا آئی ٹی شعبہ نمایاں سنگِ میل عبور کرتے ہوئے عالمی سطح پر اپنی اہمیت منوا رہا ہے، مالی سال 2026 میں آئی ٹی اور آئی سی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کے ساتھ ریکارڈ 4.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ آئی ٹی شعبے نے 3.9 ارب ڈالر کا تجارتی سرپلس حاصل کیا، جو پاکستان کے سروسز شعبے کی تاریخ کا سب سے بڑا سرپلس ہے، مالی سال 26 میں فری لانسرز کی ترسیلات 78 فیصد اضافے کے ساتھ 1.76 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ ڈیجیٹل مہارتوں، ٹیکس مراعات، فارن کرنسی اکاؤنٹس اور اسکل ڈویلپمنٹ جیسے حکومتی اقدامات سے آئی ٹی شعبے کی ترقی کو فروغ ملا ہے، حکومت نے قومی اے آئی پالیسی 2025 متعارف کرائی، جبکہ 2030 تک اے آئی تحقیق اور خودمختار کمپیوٹنگ کیلئے ایک ارب ڈالر مختص کیے ہیں۔ ہری پور میں سینوپاک سینٹر فار اے آئی اور نسٹ میں نیشنل سینٹر آف اے آئی تعلیم، تحقیق اور ترقی کو فروغ دے رہے ہیں، ایس آئی ایف سی کی معاونت اور حکومتی اصلاحات پاکستان کو عالمی ڈیجیٹل معیشت میں مؤثر مقام دلانے میں معاون ثابت ہورہی ہیں۔

بقیہ 40

لیے قومی مفاد زیادہ اہم ہے یا (ن) لیگ کا مفاد زیادہ اہم ہے، (ن) لیگ کے مفاد کے نام پر پاکستان کا کیا حال ہوا، کشمیر کے ساتھ کیا کر رہے ہیں، یہ آزاد کشمیر ہے، انٹرنیٹ بند کرنے سے یہ آزاد کشمیر نہیں مقبوضہ کشمیر لگے گا، اسے کبھی بھی مقبوضہ کشمیر نہیں بننے دیں گے، کشمیر کاز کو بچانے کے لیے پیپلز پارٹی کی مفاہمتی پالیسی تسلیم کرنا پڑے گی۔ پیپلز پارٹی کے ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آزاد کشمیر میں جو ہورہا ہے کیا ہم اسے جمہوریت کا نام دے سکتے ہیں، میرپور کے عوام کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنے ووٹ سے پیپلز پارٹی کو اکثریت دلوائی تاہم لگ رہا ہے ریاست کا ہر فیصلہ ن لیگ کو ترجیح دے رہا ہے، اس کا نقصان کشمیر، پاکستان اور اس کے عوام کا ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کو فیصلہ کرنا ہے کہ ان کے لیے قومی مفاد زیادہ اہم ہے یا (ن) لیگ کا مفاد، ہم قومی مفاد میں ریاست پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، (ن) لیگ کے مفاد میں نہیں، آنکھیں کھولیں، (ن) لیگ کے مفاد کے نام پر پاکستان کا کیا حال ہوا، کشمیر کے ساتھ کیا کر رہے ہیں، یہ آزاد کشمیر ہے، اسے کبھی بھی مقبوضہ کشمیر نہیں بننے دیں گے، کیا چاہتے ہیں کہ پوچھ لیں آزاد کشمیر کا نہیں مقبوضہ کشمیر کا لگے گا۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیٹ بند کرنے سے یہ آزاد کشمیر نہیں مقبوضہ کشمیر لگے گا، کیا آپ سمجھتے ہیں کہ تمام سیاسی پارٹیاں بیوقوف ہیں، کیا کشمیر کے عوام نہیں جانتے کہ ان کے ساتھ آپ کیا کر رہے ہیں، یہ دھاندلی کی کہانی آج سے شروع نہیں ہوئی، قومی مفاد کو دھکیل کر (ن) لیگ کے مفاد کو ترجیح دینا آج سے شروع نہیں ہوا، ہمیں چاہیے کہ صاف وشفاف الیکشن کرائیں، کشمیر کاز کو بچانے کے لیے پیپلز پارٹی کی مفاہمتی پالیسی تسلیم کرنا پڑے گی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہم اپنے ہی ساتھیوں کی جانیں ضائع ہوتے نہیں دیکھ سکتے، آپ نے پیپلز پارٹی کے کارکن کو مارا تاہم اس کے باوجود ان کی تمام کوششیں ناکام ہوئیں، میں انہیں نہیں چھوڑوں گا، آپ کو حق دلا کر رہوں گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سیکیورٹی کے باوجود 30 پولنگ اسٹیشنز پر حملے کیسے ہوئے؟ ایک دو حلقوں پر ہوجاتے تو مان لیں، پورے 30 پولنگ اسٹیشنز پر حملہ کیسے مان لیں، آپ نے مرحلہ وار الیکشن دھاندلی کے لیے کرائے، ان لوگوں نے وہی کام کیا جو انہوں نے پچھلے الیکشن میں کیا تھا، اب کسی کو اپنے حق پر ڈاکہ ڈالنے نہیں دیں گے۔

بقیہ 41

نے جس طرح کی زبان استعمال کی اس پر افسوس ہے، پیپلزپارٹی کو کھلے دل سے ہار تسلیم کرنی چاہیے تھی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے آزاد کشمیر انتخابات کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کا فیصلہ ریاست نہیں عوام کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں عوام نے آپ کے حق میں فیصلہ دیا، ہم نے قبول کیا تھا، جی بی میں آپ جیت گئے تو الیکشن ٹھیک تھے، آزاد کشمیر میں آپ ہار گئے تو الیکشن غلط تھا؟ پیپلز پارٹی کے دور میں ہی آزاد کشمیر کے حالات خراب ہوئے۔ مریم نواز نے کہا کہ سندھ واحد صوبہ ہے جہاں 17 سال سے پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، بلاول سندھ حکومت کی کارکردگی نہ بتا سکے، نہ ہی روڈ میپ دے سکے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے پاس آزاد کشمیر کے عوام کو اپنی کارکردگی دکھانے کیلئے کچھ نہیں ہے، 17 سال سے آپ کی سندھ میں حکومت ہے، آپ کے پاس بتانے کے لیے ایک پروجیکٹ تک نہیں ہے۔ مریم نواز نے کہا آپ ایک مرتبہ یہ نہیں کہہ سکے کہ آپ آزاد کشمیر کو سندھ جیسا یا کراچی جیسا بنائیں گے، کارکردگی دکھانے کے لیے آپ کے پاس کچھ ہے نہیں اور آپ اب دھاندلی کا رونا رو رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کشمیر میں لوگ صحت کی سہولیات مانگ رہے ہیں، کارکردگی پر غور کریں، خود احتسابی کریں، سندھ ضرور ترقی کرے گا، جمہوریت کے فروغ کے لیے عوام کا فیصلہ کھلے دل سے تسلیم کریں، سندھ میں صفائی، امن وامان اور سڑکوں کا نظام بہتر کریں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ آپ تھوڑے غور کریں تو آپ کو پتہ چل جائے گا کہ لوگوں نے آپ کو ووٹ کیوں نہیں دیے، انہوں نے دعویٰ کیا کہ پیپلز پارٹی کے جلسے خالی تھے، عوام نے شرکت نہیں کی، جن کی اپنی سڑکیں ٹوٹی ہیں وہ آزاد کشمیر کی سڑکیں کیسے بہتر کریں گے۔

بقیہ 42

حکومت پر قابض ہیں، چیلنج ہے پنجاب میں دوبارہ الیکشن لڑ کر دکھا دیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شرجیل انعام میمن نے کہا کہ آزاد کشمیر الیکشن میں بدترین دھاندلی کی گئی، وزیراعلیٰ کی گفتگو چوری اور سینہ زوری ہے۔ سندھ کے وزیر اطلاعات نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت خیراتی مینڈیٹ پر بیٹھی ہوئی، ن لیگ فارم 47 کی پیداوار ہے، 2024 کے الیکشن میں آپ کو بدترین شکست ہوئی اور سندھ کے عوام نے پیپلز پارٹی کو ووٹ دیے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں کسی سے بھی پوچھ لیں آپ کو ووٹ نہیں ملا تھا، چیلنج ہے پنجاب میں دوبارہ الیکشن لڑ کر دکھا دیں۔ آپ فارم 47 کی بنیاد پر حکومت پر قابض ہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ آپ کی لیڈر شپ ہمیشہ معاہدے کرکے ملک سے بھاگی ہے، ہم لوگ بھاگنے والے نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے وفاقی وزیر آج صبح تک میرپور ڈویژن میں موجود تھے اور انتظامیہ پر اثرانداز ہو رہے تھے، آپ کے وفاقی وزراء نے الیکشن کمیشن کے ضابطوں کی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کا فیصلہ کشمیر کے عوام کو کرنے دیں، وفاقی حکومت میں زبردستی آ کر بیٹھے ہیں اور اب آپ آزاد کشمیر میں زبردستی حکومت کرنا چاہ رہے ہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ وزیراعظم فیصل راٹھور آزاد کشمیر نے پیپلز پارٹی کی کسی جلسے میں شرکت نہیں کی، آپ اور وفاقی وزرا الیکشن مہم کے لیے جلسے کرتے رہے۔ آپ نے الیکشن سے تین دن پہلے وہاں گرین بسیں بھجوائیں۔ سندھ کے سینئر وزیر نے کہا کہ پیپلز پارٹی ذمہ داری کا مظاہرہ کر رہی ہے، آپ کی جماعت اقتدار کی ہوس میں ہر ناجائز طریقے اختیار کرنے پر تیار ہے۔ آپ نے پنجاب میں کام کیا اور مقبول ہیں تو استعفیٰ دیں اور دوبارہ الیکشن لڑیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ تخت لاہور پر زبردستی سے قابض ہیں، آپ ڈنڈے کے زور پر سیٹ چھین سکتے ہیں لیکن عوام کے دل میں محبت نہیں ہوگی۔ شرجیل میمن نے کہا کہ پاکستان کی سب سے بہترین طبی سہولتیں سندھ میں ہیں، ن لیگ وفاق میں جب بھی حکومت میں رہی ہے اس نے سندھ کو نظر انداز کیا، پورے ملک سے سندھ میں لوگ علاج کے لیے آتے ہیں، پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ پورے ملک میں سب سے بہتر سندھ میں کام کر رہی ہے۔

RISING PAKISTAN SIFC

Government of Pakistan
(Cabinet Secretariat)

Special Investment Facilitation Council Division (SIFC)

TENDER NOTICE

04(1)/SIFC/General/Janitorial Services/26-27

Sealed tenders are invited from the reputed firms/ suppliers having registration with the Sales Tax and Income Tax Department for provision of Janitorial Services including provision of cleaning material and supplies to Special Investment Facilitation Council, Islamabad for the FY 2026-2027. The electronic bids, prepared in accordance to the instructions contained in the biding documents along with bid security instrument and required documents must be submitted by using EPADS on or before **17.8 .2026** before **1100 hrs** which will be opened on the same day at **1130 hrs.**

2. Interested vendors are requested to submit their rates which would be valid till 30-06-2027 on the following terms and conditions: -

i. Income tax and other government taxes will be deducted at source as per rules.

ii. GST and AGPR Vendor number should be clearly written on the tender documents. The tenders without GST will not be entertained.

iii. e-bidding documents as per regulations, containing detail terms and conditions, specifications and requirements etc. are available for the registered bidders on **EPADS** at **https://eprocure.gov.pk**

iv. The electronic bids, prepared in accordance to the instructions contained in the biding documents along with bid security (Rs.300,000) instrument and required documents must be submitted by using EPADS on or before **17.8 .2026 at 11:00 AM**. Manual bids, shall not be accepted.

v. Original Bid Security instrument MUST be submitted to the under signed in favor of Deputy Director (General), SIFC, Islamabad before closing hours of the bids submission time otherwise respective bid will not be opened and the call deposit/bid security of successful bidders will be kept with this office up to **30th June, 2027**. Cheques will not be accepted in any case.

vi. The rates quoted by firms/ suppliers will remain valid till **30th June, 2027**. The firms which will quote the lowest rates will have no right to take back the call deposit or to reduce the same or to withdraw from the tender. Rates should be quoted in Pak Rupees. Prices shall not be linked with dollar or any other currency.

vii. The firms should quote their rates while ensuring compliance with the Federal Government's minimum wage requirements.

viii. The tenders received after the deadline will not be entertained.

ix. The tenders will be evaluated in the light of PPRA Rules and the instructions issued from PPRA from time to time.

x. The competent authority reserves the right to accept or reject the whole tender or a portion of tender as per PPRA Rules and may increase or decrease the quantity of items/Services to be purchased/hired.

xi. Black listed firms are not eligible to participate in bidding process.

Javed Siddique
Deputy Director
Tel #: 051-9215542

PID (I) No. 821/26

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے سینئر پبلک سیکٹر سپیشلسٹ ثناء مسعود کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

وزیراعلیٰ کا قائداعظم لائبریری کو پاکستان کی مثالی اور جدید لائبریری بنانے کا اعلان

آئندہ تین ماہ کے اندر اس ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قائداعظم لائبریری کوئٹہ کے طلبہ کی دہائی پر فوری نوٹس لیتے ہوئے انہیں چیف منسٹر سیکرٹریٹ مدعو کیا، جہاں انہوں نے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

لورالائی، غیر قانونی اسلحہ کے کاروبار کے خلاف کارروائی

شہر میں بغیر لائسنس قائم اسلحہ کی ایک دکان کو سیل کر دیا

لورالائی (خ ن) ہوم ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان کے احکامات اور کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قائداعظم لائبریری کوئٹہ کے طالب علموں کے مسائل سن رہے ہیں

کوئٹہ، نواب محمد اسلم رئیسانی سراوان ہاؤس میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

ریاست دہشتگرد عناصر کیخلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی، شاہد رند

دہشتگردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، دہشتگردوں کا ہر قیمت پر قلع قمع کیا جائے گا

رکھنی میں دہشتگردوں کے خلاف سرچ آپریشن جاری، مزید نفری بھی طلب کر لی گئی، معاون برائے سیاسی و میڈیا امور

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے کہا ہے کہ بارکھان میں دہشتگردوں کی فائرنگ سے ڈی ایس پی مرید بگٹی شہید جبکہ ایک پولیس اہلکار زخمی ہو گیا ہے، رکھنی میں دہشتگردوں کے خلاف سرچ آپریشن جاری، مزید نفری بھی طلب (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

اوستہ محمد میں موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ وستہ محمد کے قریب گڑھی خیرو روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر علی گوہر سے موٹر سائیکل نقدی موبائل فون و دیگر سامان چھین لیا

کوئٹہ تفتان قومی شاہراہ پر چاول کے دو ٹرکوں کو لوٹ لیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ تفتان قومی شاہراہ پر چاول کے دو ٹرکوں کو لوٹ لیا گیا۔ پولیس کے مطابق منگل کو ضلع چاغی کے علاقے دالبندین میں گوڈین کے مقام پر مسلح افراد نے چاول سے لدے دو ٹرکوں کو روک کر ان سے چاول لوٹ لیے اور فرار ہو گئے۔

رکھنی شہر کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، بابر خان

منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے کام جاری ہے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بلوچستان بابر خان کے زیر صدارت اپ لفٹنگ آف رکھنی ٹاؤن و ری ماڈلنگ آف رکھنی بازار منصوبے کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈی سی بارکھان نے بذریعہ زوم اجلاس میں شرکت (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

ڈاکٹر محمد وارث نے یونیورسٹی سینز ملائیشیا سے پی ایچ ڈی مکمل کر لی

ڈاکٹر محمد وارث نے یونیورسٹی سینز ملائیشیا سے پی ایچ ڈی مکمل کر لی

مقررہ وقت پر ریسرچ مکمل کرنے پر گریجویٹ آن ٹائم سرٹیفکیٹ سے بھی نوازا گیا

تربت (پ ر) یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ کامرس کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر محمد وارث نے اپنے پی ایچ ڈی مقالے کا کامیابی سے دفاع کیا۔ انہوں نے گرین فنانس کے موضوع پر یونیورسٹی سینز ملائیشیا کے اسکول آف مینجمنٹ سے اپنی ڈاکٹریٹ کی ڈگری مکمل کی ہے۔ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

کیچ، مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق 6 کو اغوا کر لیا

کیچ میں کلاتک میں مزدوری کے بعد تربت واپس جانے والے 7 مزدوروں کو نامعلوم مسلح افراد شناخت کے بعد اپنے ساتھ لے گئے

واقعے کے بعد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا

تربت (این این آئی) ضلع کیچ کے علاقے کلاتک میں نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے مرکزی شاہراہ سے 7 مزدوروں کو اغوا کر لیا گیا فائرنگ سے ایک راہگیر اور معذوری جاں بحق ہو گئے پولیس کے مطابق کیچ میں کلاتک میں مزدوری کے بعد تربت واپس جانے والے ات (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

قلات، قومی شاہراہ مغلوئی کے مقام پر کار کی موٹر سائیکل کو ٹکر، 4 افراد زخمی

قلات (یو این اے) قومی شاہراہ پر مغلوئی کے قریب ایک تیز رفتار کار نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں 4 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے والوں میں 3 موٹر سائیکل سوار اور ایک راہگیر شامل ہے

تمبو، متاثرہ بجلی ٹاور کی مرمت کا کام مکمل

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو خانکوٹ بارودی سرنگ کے دھماکے سے متاثر ہونے والے بجلی ٹاور کی مرمت مکمل جبکہ واقعہ کا بھی مقدمہ درج کر لیا گیا پولیس کے مطابق تمبو خان کوٹ پولیس تھانے کی حدود گوٹھ میر علی رضا عمرانی کے قریب بارودی سرنگ پھٹنے سے بجلی ٹاور کو پہنچنے والے نقصان اور کھمبے کی مرمت جبکہ واقعہ کا خان کوٹ پولیس تھانے میں مقدمہ درج کر لیا

عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، حاجی خیر اللہ ناصر

امن و امان کا قیام ضلعی انتظامیہ، قبائلی عمائدین، منتخب نمائندوں اور عوام کی مشترکہ ذمہ داری ہے

دکی (خ ن) ڈسٹرکٹ چیئرمین دکی حاجی خیر اللہ ناصر سے مختلف قبائلی عمائدین پر مشتمل ایک نمائندہ وفد نے ملاقات کی، جس میں ضلع کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، حالیہ چوری کی وارداتوں، عوام کو درپیش مسائل اور علاقائی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی ملاقات کر رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں میں اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، وریندر لعل

اگست کے مہینے میں اساتذہ کی تعیناتی کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد، وریندر لعل نے ایس ڈی او بلڈنگ عابد حسین پہنور کے ہمراہ ضلع بھر میں مالی سال 2024-25 اور 2026 کے دوران مکمل ہونے والے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ زیر جائزہ منصوبوں میں گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

امن و امان پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ولی محمد بڑیچ

حکومت عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے

لورالائی (خ ن) لورالائی میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو درپیش بنیادی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے کمشنر کو ضلع میں صحت، پینے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہیں، نسیم الرحمٰن ملاخیل

عوامی شمولیت کے بغیر ماحولیاتی اہداف کا حصول ممکن نہیں، لہٰذا شہریوں میں شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی مہمات کو وسعت دی جا رہی ہے

تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی اور میڈیا کے تعاون سے ماحول دوست طرزِ زندگی کو فروغ دیا جائے گا، صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ صوبے کو درپیش ماحولیاتی چیلنجز جیسے فضائی آلودگی، موسمیاتی تبدیلی، جنگلات کی کمی اور آبی وسائل کے ضیاع سے نمٹنے کے لیے ایک جامع اور مؤثر حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں صنعتی اخراج پر قابو پانے، شجرکاری مہمات کو فروغ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

موسیٰ خیل، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نادر خان ایسوٹ (BHU) کنگری، راڑہ شم اور کھجوری کا معائنہ کر رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، علی مدد جتک

عوام کے درمیان رہ کر ان کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہماری سیاسی اور اخلاقی ذمہ داری ہے

پارٹی کی سیاست کا محور عام آدمی کے مسائل کا حل اور عوام کی فلاح و بہبود ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے اپنی رہائش گاہ جتک ہاؤس، آصف آباد میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران مختلف علاقوں سے آنے والے شہریوں کے مسائل تفصیل سے سنے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

بختیار آباد کے نزدیک مسلح افراد کی قبائلی رہنما میر سیف اللہ ڈومکی کی گاڑی پر فائرنگ

بختیار آباد (لیاقت علی ڈومکی) بختیار آباد کے نزدیک مسلح افراد کی قبائلی رہنما میر سیف اللہ ڈومکی کی گاڑی پر فائرنگ , فائرنگ سے قبائلی رہنما شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق بختیار آباد پچاؤ بند کے قریب مسلح افراد کی قبائلی رہنما میر سیف اللہ ڈومکی کی گاڑی پر اس وقت فائرنگ کی گئی جب وہ اپنی زمینوں سے واپس بختیار آباد آ رہے تھے۔ فائرنگ سے ان کو دو گولیاں لگیں جس سے وہ شدید زخمی ہو گئے۔ قبائلی رہنما میر سیف اللہ ڈومکی کو 1122 سینٹر بختیار اباد منتقل کر دیا گیا جہاں پر میڈیکل ٹیم نے انہیں ابتدائی طبی امداد دی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

برقی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں 29 جولائی (بروز بدھ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11 kv نواں کلی اور مالک فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہیگی اسکے علاوہ 29 جولائی اور 31 جولائی کو (روزانہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، خروٹ آباد، ٹکاتو، دوستین، داریم اور ادیان فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی

بلیلی میں رہائشی گھر کے گودام میں آتشزدگی، میٹروپولیٹن فائر بریگیڈ نے آگ پر قابو پا لیا

کوئٹہ (یو این اے) بلیلی کے قریب رہائشی گھر کے گودام میں آتشزدگی کی اطلاع پر میٹروپولیٹن فائر بریگیڈ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا۔ آگ رہائشی گھر کے گودام میں لگی تھی۔ فائر فائٹرز نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر پیشہ ورانہ انداز میں آگ کو کنٹرول کیا، جس کے باعث آگ کو گھر کے دیگر حصوں تک پھیلنے سے روک دیا گیا

جے یو آئی کا یکم اگست سے تمام تحصیلوں اور یونٹوں کے دوروں کا فیصلہ، 10 کمیٹیاں تشکیل

عوامی مسائل کے حل کے لیے ضلعی دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر کمیٹیوں کے قیام اور امن و امان پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلسِ عاملہ اور ماتحت تحصیلوں و یونٹوں کے نمائندہ اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیرِ صدارت ضلعی دفتر کوئٹہ میں منعقد ہوئے۔ اجلاس میں تنظیمی امور، عوامی مسائل، امن و امان کی بگڑتی ہوئی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد اے این پی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ کی زیرِ صدارت واٹر ٹینکر ایسوسی ایشن کا اجلاس

کم عمر بچوں اور بغیر قومی شناختی کارڈ کے کسی بھی شخص کو واٹر ٹینکر چلانے کی اجازت نہیں ہوگی، اجلاس میں فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیرِ صدارت واٹر ٹینکر ایسوسی ایشن کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ٹریفک پولیس، سیکریٹری آر ٹی اے اور ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کم عمر بچوں اور بغیر قومی شناختی کارڈ کے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

پیٹرول و ڈیزل مہنگا، کوئٹہ میں تعمیراتی سامان کی قیمتوں کو بھی پر لگ گئے

سریا، سیمنٹ، بجری اور ریت کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ، تعمیراتی شعبہ شدید متاثر

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے اثرات تعمیراتی شعبے پر بھی واضح طور پر سامنے آنے لگے ہیں۔ پیٹرول اور ڈیزل مہنگا ہونے کے بعد شہر میں سریا، سیمنٹ، بجری اور ریت سمیت دیگر تعمیراتی اشیا کی قیمتوں میں نمایاں (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

ہیپاٹائٹس بی سے محفوظ اور مؤثر ویکسین کے ذریعے بچاؤ ممکن ہے، ڈاکٹر بہاول لہڑی

عالمی ادارہ صحت کے مطابق دنیا بھر میں تقریباً 30 کروڑ افراد ہیپاٹائٹس بی یا سی سے متاثر ہیں

نصیر آباد (خ ن) ہیپاٹائٹس کے عالمی دن کے موقع پر ضلع نصیر آباد میں بلوچستان کے ماہر کنسلٹنٹ لیور ٹرانسپلانٹ پیتھالوجسٹ ڈاکٹر بہاول لہڑی کی سربراہی میں ہیپاٹائٹس سے آگاہی کے لیے ایک بڑی ریلی نکالی گئی، جو ڈی ایچ او آفس سے شروع ہو کر سول ہسپتال روڈ اور (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

عوامی خدمت ہی میرا اوڑھنا بچھونا ہے، سردار کوہیار خاں ڈومکی

شہید بینظیر بھٹو کے فلسفے کے مطابق غریب اور محنت کش طبقات کے حقوق کی جنگ جاری رکھیں گے

بولان (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و صوبائی وزیر سردار کوہیار خاں ڈومکی نے پارٹی ورکروں اور حلقہ انتخاب سمیت دور دراز سے آئے ہوئے لوگوں سے سیکرٹریٹ اپنے آفیس میں ملاقات کے دوران انکے مسائل سنے اور متعلقہ حکام کو احکامات جاری کیئے اس موقع پر سردار کوہیار خاں ڈومکی نے پیپلز لیبر بیورو ضلع کچھی کے صدر آغا رسول بخش رضی رئیس (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

لورالائی، کمشنر لورالائی ولی محمد بڑیچ سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صدر مصطفیٰ کمال کاکڑ وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

میر اللہ داد رند کا میر سیف اللہ خان ڈومکی پر قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

حملہ آوروں کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، میر اللہ داد رند

سیوی (نامہ نگار) بلوچستان میڈیا فورم کے سینئر رہنما ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صدر میر اللہ داد رند نے قبائلی معتبر اور ہر دلعزیز شخصیت خیرخواہ میر سیف اللہ خان ڈومکی پر ہونے والے قاتلانہ حملے کی شدید (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

صحبت پور، خود ساختہ مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی عروج پر، انتظامیہ بے بس

آٹا ناپید اور چینی 300 روپے کلو تک پہنچی، سیاسی و سماجی حلقوں کا وزیراعلیٰ سے نوٹس کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور سمیت تحصیل پہنور سنہڑی، تحصیل ماچھی پور، تحصیل حیر دین، تحصیل فرید آباد اور سب ڈویژن تحصیل جیا خان میں خود ساختہ مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی کے باعث عوام کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے اور پرائس کنٹرول کمیٹی مکمل غیر فعال دکھائی دے رہی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

ڈویژنل پبلک کالج خضدار کے احاطے میں واک ٹریک کا باقاعدہ افتتاح

حکومت کی کوشش ہے کہ خضدار میں کھیلوں اور تفریح کی بنیادی سہولیات کو فروغ دیا جائے، ڈپٹی کمشنر

خضدار (خ ن) شہریوں کو صحت مند سرگرمیاں فراہم کرنے کیلئے ڈویژنل پبلک کالج خضدار کے احاطے میں واک ٹریک کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ فیتہ کی نقاب کشائی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کی۔ اس موقع پر میجر اسرار، چیف آفیسر خضدار (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

نصیر آباد، ہیپاٹائٹس کے عالمی دن کے موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر ایاز جمالی شعور آگاہی کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

صحبت پور، جعفر آباد کے عوام کے مفادات پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، میر سلیم کھوسہ

عوام کے مفادات کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا اور کسی صورت متنازع نالے کا پانی حیر دین ڈرینج میں شامل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

سندھ کی جانب سے بغیر این او سی نالہ تعمیر کر کے اسے حیر دین ڈرینج میں شامل کرنے کی کوشش قابل قبول نہیں، صوبائی وزیر

نصیر آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے سندھ کی جانب سے بغیر این او سی نالہ تعمیر کر کے اسے حیر دین ڈرینج میں شامل کرنے کی کوشش پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحبت پور، (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے سربراہ واپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ، 55 ویں سالانہ کل پاکستان حق باھو کانفرنس آج بعد نمازِ عصر منعقد ہوگی

کوئٹہ (یو این اے) 55 ویں سالانہ حق باھو کانفرنس آج بعد نماز عصر منعقد ہوگی کانفرنس کی صدارت بزم باھو بلوچستان کے نگران اعلیٰ پروفیسر ڈاکٹر سلطان الطاف علی کریں گے خصوصی خطاب کے لئے علامہ غضنفر حسنین تونسوی تشریف لا رہے ہیں. بزم باھو بلوچستان کے اعلامیہ کے مطابق 55 ویں سالانہ کل پاکستان سلطان العارفین حق باھو کانفرنس آج دارالعلوم جامعہ غوثیہ سلطانیہ وحدت کالونی تیسرا اسٹاپ بروری روڈ میں بعد نماز عصر منعقد ہوگی۔ کانفرنس کی صدارت پروفیسر ڈاکٹر سلطان الطاف علی نگران اعلیٰ بزم باھو بلوچستان کریں گے جبکہ خصوصی خطاب کے لئے اہلسنت کے عظیم اسکالر حضرت علامہ غضنفر حسنین تونسوی تشریف لا رہے ہیں۔

اوستہ محمد پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد چھینے گئے دو چنگ چی رکشے برآمد کر لئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد پولیس کی کارروائی فائرنگ کے تبادلے کے بعد چھینے گئے دو مسروقہ چنگچی رکشے برآمد ملزمان فرار ہو گئے پولیس کے مطابق اوستہ محمد کے قریب تین پلی کے مقام پر دو چھینے گئے چنگچی مسروقہ رکشے پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد برآمد کر لیے گئے جبکہ ملزمان فرار ہو گئے تاہم پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی گرفتاری کی کوشش تیز کر دی گئی ہے

تمبو میں نامعلوم چور دکان کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے کی کھاد لے اڑے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو نامعلوم چور کھاد ڈیلر کی شاپ کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کی کھاد چوری کر کے فرار ہو گئے پولیس کے مطابق تمبو منجھو شوری پولیس تھانے کی حدود روپا پل کے مقام پر گزشتہ شب نامعلوم چور کھاد ڈیلر کے دکان کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کی کھاد کی بوریاں چوری کر کے فرار ہو گئے

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

پی ٹی سی ایل گروپ کی مالی کارکردگی میں نمایاں بہتری، آمدنی میں 62 فیصد سالانہ اضافہ

30 جون 2026 کو ختم ہونے والی ششماہی کے مالی نتائج کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (پ ر) ملک کی صفِ اول کی ٹیلی کام اور آئی سی ٹی سروسز فراہم کرنے والی کمپنی، پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل)، نے 30 جون 2026 کو ختم ہونے والی ششماہی کے مالی نتائج کا اعلان کر دیا۔ نتائج کا اعلان اسلام آباد میں منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں کیا گیا۔ سال 2026 کی پہلی ششماہی کے دوران پی ٹی سی ایل نے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

لورالائی، سرکاری اسکولوں میں سولر سسٹم نصب کرنے کی منظوری

تعلیم کا فروغ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، حاجی محمد خان طورا تمانخیل

لورالائی (خ ن)۔ رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طورا تمانخیل کی کاوشوں سے سرکاری اسکولوں میں سولر سسٹم نصب کرنے کی منظوری، ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد جاری رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طورا تمانخیل کی خصوصی کاوشوں سے صوبائی سالانہ ترقیاتی پروگرام (PSDP) کے تحت ضلع لورالائی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

ایف سی بلوچستان کا سیلاب متاثرین کیلئے ریسکیو آپریشن تیز

متاثرین میں خوراک، صاف پانی، طبی سہولیات اور ضروری امدادی سامان بھی تقسیم کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) شدید موسمی صورتحال کے باعث ایف سی بلوچستان (نارتھ) کا ضلع نصیر آباد میں ریسکیو اور ریلیف آپریشن تیز کر دیا گیا۔ ایف سی بلوچستان نے مؤثر امدادی کاروائی کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا۔ امدادی سرگرمیوں کے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد حافظ نعیم الرحمان سے ایرانی اور افغانی سفیر رضا امیری اور سردار احمد شکیب ملاقات کر رہے ہیں

امیر العظیم اخلاص، استقامت، جدوجہد کا روشن مثال تھا

ہدایت الرحمٰن بلوچ

پوری زندگی اسلام کی سربلندی، اقامت دین، عوام کی خدمت، تحریک اسلامی کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ آمریت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا

جماعت اسلامی و قوم کیلئے ان کی خدمات رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیگی، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی کے مرکزی سیکرٹری امیر العظیم اخلاص، استقامت جدوجہد کا روشن مثال تھا جماعت اسلامی و قوم کیلئے ان کی خدمات رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیگی۔ پوری زندگی اسلام کی سربلندی، اقامت دین، عوام کی خدمت، تحریک اسلامی کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ آمریت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ ان (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)